زینب

لجنہ اماء اللہ ناروے

بسم اللہ

اپریل مئی جون

۲۰۱۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سہ ماہی «زینب»

لجنہ اماء اللہ ناروے کی علمی تعلیمی وتربیتی سرگرمیوں کا ترجمان

«سرپرستِ اعلیٰ»

امیر جماعت احمدیہ ناروے مکرم زرتشت منیر احمد خان صاحب

«زیرنگرانی»

صدر لجنہ اماء اللہ ناروے مکرمہ سیّدہ بشریٰ خالد صاحبہ

مجلس ادارت

مدیرہ حصّہ اُردو کتابت، تقسیم واشاعت محترمہ منصورہ نصیر صاحبہ

مدیرہ حصّہ نارویجن: محترمہ مہرین شاہد صاحبہ

نائبہ مدیرہ حصّہ نارویجن: عزیزہ عندلیب انور

پرنٹنگ: محترمہ شمسہ خالد صاحبہ

پروف ریڈنگ: محترمہ طاہرہ زرتشت صاحبہ

محترمہ سعیدہ نعیم

محترمہ لبنیٰ غزالہ صاحبہ

محترمہ طیبہ رضوان صاحبہ

شائع کردہ شعبہ اشاعت لجنہ اماء اللہ

Søren Bulls veien 1

1051 Oslo

Tlf: +47 22322746

FAX : + 47 22320211

فہرست مضامین

اداریہ 2

القرآن الکریم 3

حدیث نبوی ﷺ 4

خلاصہ خطبہ جمعہ فرمودہ 19 ستمبر 2014ء 5

خداتعالیٰ کی صفت ربوبیت 7

دورحاضر میں خلافت کی اہمیت اور ضرورت 9

دین کو دنیا پر مقدم کرنا 13

صحت کارنر 17

نظم 18

اعمال صالح کی جڑ 19

رشتے داریاں نبھانا 22

اردو سیکھیں 24

تحریک وقف نو کے متعلق ہدایات 25

کلاس واقفات نو 28

پکوان 29

دُعائیہ اعلانات 30

اجتماع نصاب (لجنہ اماءاللہ 2015ء) 32

ناصرات کا صفحہ (شمسہ خالد اور مدیحہ محمود) 33

اجتماع نصاب (ناصرات الاحمدیہ 2015ء) 36

☆☆☆☆☆☆☆

اداریہ:

زمانہ سُبک رفتاری سے گزرتا جارہا ہے۔مادیت اور جدید تکنیکی دَور کی چکا چوند نے اِنسان کوایک دوسرے سے دُور کر دیا ہے۔لوگ رِشتوں کا اِحترام فراموش کرتے جارہے ہیں۔انسانیت تباہی کے کَناروں پر کھڑی ہے اور یہ سب کچھ اسلام کی حسین تعلیم کونظرانداز کردینے کا نتیجہ ہے۔

اللہ تعالیٰ قرآنِ کریم میں رحمی رشتوں کو قائم رکھنے کے سلسلے میں ارشادفرماتا ہے:

’’ اور جولوگ اِن تعلقات کو ہمیشہ قائم رکھتے ہیں جن کے قائم رکھنے کا اللہ نے حُکم دِیاہے اور اپنے ربّ سے ڈرتے ہیں۔اور بُرے اَنجام والے حساب سے خوف رکھتے ہیں۔‘‘ (الرعد:22)

قرآنِ کریم میں خدا تعالیٰ نے تمام مسلمانوں کو بھائی بھائی قرار دیا ہے اور آپس میں برادرانہ اُخوّت اور پیار کا سبق دیا ہے۔اسلام نے جہاں میاں بیوی، والدین،اوراولاد کے حقوق مقرر کئے ہیں وہاں دیگر رشتہ داروں اور تعلق رکھنے والوں سے بھی حسنِ سلوک کا حکم دیا ہے۔

آنخضرت ﷺ نے فرمایا!۔۔’’اپنے والدین کے عزیز واقارب سے اسی طرح صلہ رحمی اور حُسنِ سلوک کروجس طرح وہ اپنی زندگی میں کیا کرتے تھے اور اِن کے دوستوں کے ساتھ بھی عزّت اور احترام سے پیش آؤ۔‘‘

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ آنخضرت ﷺ نے فرمایا!۔’’کہ جوشخص رزق میں فراخی اور چاہتا ہے کہ اُس کی عُمر دراز ہواوراس کا ذکر خیر زیادہ ہوتو اُسے صلہ رحمی کا خُلق اِختیار کرنا چاہیے اوراپنے رشتہ داروں سے بنا کر رکھنی چاہئے۔‘‘

ہمارے مُعاشرہ میں اَگر کسی شناسا نے سلام نہیں کیا یا سلام کا جواب نہیں دیا یا خُود بڑھ کر ملانہیں تو ہم اپنے ذہن میں بیٹھا لیتے ہیں کہ فلاں ہم سے ملنا پسند نہیں کرتا اور پھراس سے قطع تعلُق کر لیتے ہیں جب کہ اسلام یہ کہتا ہے کہ اگر ہم سے کوئی قطع تعلق کرے تب بھی ہمارا فرض ہے کہ ہم اس سے تعلق کومضبوط کریں۔

ہمارے پیارے آقا ﷺ نے فرمایا کہ:’’سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ تُو قطع تعلق کرنے والوں سے تعلق قائم رکھے اور جو تجھے بُرا بھلا کہتا ہے اُس سے تُو درگزر کر۔‘‘ (مسند اَحمد بن حنبل جلد 4 صفحہ 461)

حضرت امام مہدی علیہ السلام کی جماعت کا فرد ہونے کی حیثیت میں ہمارا فرض ہے کہ اِسلام کی تعلیم کے مطابق معاشرہ کے حقوق وفرائض کے ساتھ ساتھ اپنے رشتہ داروں اور دوستوں سے بھی حسنِ سلوک کریں اور رحمی رشتوں کے بھی حقوق ادا کریں۔اگر وہ ہم سے زیادتی یا بے رُخی کریں تب بھی ہم ان سے ہمدردی،محبت اور پیار کا سلوک کریں۔

حضرت مسیح موعودعلیہ السلام فرماتے ہیں:۔’’تم میں سے زیادہ بزرگ وہی ہے جوزیادہ اپنے بھائی کے گُناہ بخشتا ہے اور بد بخت ہے وہ جوضد کرتا ہے اور نہیں بخشتا۔سواس کا مجھ میں حصہ نہیں۔‘‘ (کشتی نوح صفحہ: 16)

پھر فرماتے ہیں کہ:۔جونہیں چاہتا کہ اپنے قصوروار کے گناہ بخشے اور کینہ پرور آدمی ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔‘‘ (کشتی نوح صفحہ: 23)

اللہ کرے کہ ہم قرآنی حکم کے مطابق صلہ رحمی اور عمدہ اخلاق کے اعلیٰ معیار قائم کرنے والی ہوں۔آمین

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا
تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا
تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ
تُوْعَدُوْنَ ۝٣١

31۔ یقیناً وہ لوگ جنہوں نے کہا اللہ ہمارا ربّ ہے، پھر استقامت اختیار کی، اُن پر بکثرت فرشتے نازل ہوتے ہیں کہ خوف نہ کرو اور غم نہ کھاؤ اور اس جنت (کے ملنے) سے خوش ہو جاؤ جس کا تم وعدہ دیئے جاتے ہو۔

نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي
الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ
اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ۝٣٢

32۔ ہم اس دنیوی زندگی میں بھی تمہارے ساتھی ہیں اور آخرت میں بھی۔ اور اس میں تمہارے لئے وہ سب کچھ ہوگا جس کی تمہارے نفس خواہش کرتے ہیں اور اس میں تمہارے لئے وہ سب کچھ جو تم طلب کرتے ہو۔

نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ۝٣٣ ع ٧ ١٨

33- یہ بہت بخشنے والے (اور) بار بار رحم کرنے والے کی طرف سے مہمانی کے طور پر ہے۔

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ
وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ
الْمُسْلِمِيْنَ ۝٣٤

34۔ اور بات کہنے میں اس سے بہتر کون ہوسکتا ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک اعمال بجالائے اور کہے کہ میں یقیناً کامل فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۗ اِدْفَعْ
بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ
عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ۝٣٥

35۔ نہ اچھائی برائی کے برابر ہوسکتی ہے اور نہ برائی اچھائی کے (برابر)۔ ایسی چیز سے دفاع کر کہ جو بہترین ہو۔ تب ایسا شخص جس کے اور تیرے درمیان دشمنی تھی وہ گویا اچانک ایک مددگار جاں نثار دوست بن جائے گا۔

☆ یہ ترجمہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع حضرت مرزا طاہر احمدؒ کے ترجمہ سے لیا گیا ہے۔

﴾حدیث نبوی ﷺ﴿

''حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: تندرست و توانا مومن کمزور صحت والے مومن سے بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ کو زیادہ محبوب ہے۔ ہر ایک چیز میں خیر اور بھلائی ہے جو چیز نفع دیتی ہے اس کی ہمیشہ حرص رکھو۔ اللہ تعالیٰ سے مدد چاہو، عاجز بن کر نہ بیٹھو۔ اور اگر تمہیں کوئی تکلیف پہنچے تو یہ نہ کہو کہ اگر میں ایسا کرتا تو ایسا نہ ہوتا۔ بلکہ یہ کہو کہ مَیں نے کوشش کی لیکن اللہ تعالیٰ کی تقدیر یہی تھی۔ اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ کاش کہنا اور پچھتاوے اور حسرت کا اظہار کرنا شیطان کے اثر ڈالنے کی راہ ہموار کرتا ہے۔''

(حدیقۃ الصالحین صفحہ 76,77)

کلام الامام

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

''شریعت کی اصل غرض تزکیۂ نفس ہوتی ہے اور انبیاء علیہم السلام اسی مقصد کو لے کر آتے ہیں اور وہ اپنے نمونہ اور اسوۂ سے اس راہ کا پتہ دیتے ہیں جو تزکیہ کی حقیقی راہ ہے۔ وہ چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی محبت دلوں میں پیدا ہو اور شرح صدر حاصل ہو۔۔۔۔ میں تو اپنی جماعت کو اسی راہ پر لے جانا چاہتا ہوں جو ہمیشہ سے انبیاء علیہم السلام کی راہ ہے جو خدا تعالیٰ کی وحی کے ماتحت تیار ہوئی ہے۔ پس اور راہ وغیرہ کا ذکر ہماری کتابوں میں آپ نہ پائیں گے اور نہ اس کی ہم تعلیم دیتے ہیں اور نہ ضرورت سمجھتے ہیں۔ ہم تو یہی بتاتے ہیں کہ نمازیں سنوار سنوار کر پڑھو اور دُعاؤں میں لگے رہو۔''

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 242)

خلاصہ خطبہ جمعہ:

خداتعالیٰ اپنے نیک بندوں کو ہمیشہ عزیز رکھتا ہے۔ اعمالِ صالحہ بجالانے سے متعلق دینی تعلیم اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی نصائح

خداتعالیٰ اعمالِ صالحہ کو چاہتا ہے، جب تک یہ نہ ہو تم خداتعالیٰ کے نزدیک نہیں جاسکتے

تمام قسم کی بداخلاقیاں اپنے اندر شرک کا حصہ رکھتی ہیں۔ ان بداخلاقیوں کا مرتکب خداتعالیٰ کے فضلوں سے حصہ نہیں لے سکتا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز نے مؤرخہ ۱۹ ستمبر 2014ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا جو کہ مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے پر براہِ راست نشر کیا گیا۔ حضورِ انور نے **حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ایک ارشاد بیان فرمایا** کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں ایمان کے ساتھ عملِ صالح بھی رکھا ہے۔ **عملِ صالح وہ ہے جس میں ظلم، جبر، ریاء، تکبر، حقوقِ انسان کے تلف کرنے کا خیال تک نہ ہو۔ اگر ایک آدمی بھی گھر میں عملِ صالح والا ہو تو گھر بچا رہتا ہے۔ مصمم عزم اور عہدِ واثق سے اعمال کی طرف متوجہ ہونا چاہیے۔** فرمایا کہ بغیر عمل کے انسان ایسا درخت ہے جس کی خوبصورت اور سرسبز شاخیں کاٹ کر اسے بدشکل بنا دیا گیا ہو۔ پس نرے ایمان کے دعوے اور اظہار اور اس کی جڑ کی مضبوطی کا اعلان کسی کام کا نہیں جب تک اعمالِ صالحہ کی سرسبز شاخیں اور پھل خوبصورتی نہ دکھا رہے ہوں۔ یقیناً یہ اعمال کی خوبصورتی اور فیض رسانی دنیا کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے۔ فرمایا: یہ حالت اس وقت پیدا ہوتی ہے جب زمانے کے امام کے ساتھ تعلق بھی پیدا ہو۔ آج ان صحیح اعمال کی تصویر پیش کرنا ہر احمدی کا کام ہے جس نے زمانے کے امام کو مانا ہے۔ **حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جماعت ہی وہ خداتعالیٰ کا لگایا ہوا درخت ہے جس کی جڑیں مضبوط ہیں اور شاخیں بھی سرسبز، خوبصورت اور پھلدار ہیں جو دنیا کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے۔** فرمایا کہ ہم احمدی دنیا کا حق اس وقت ادا کر سکتے ہیں جب ہم اعمال صالحہ کی وجہ سے ہر طرف اعلیٰ اخلاق دکھانے کا مظاہرہ کرنے والے ہوں۔

حضورِ انور نے فرمایا کہ مومنین اور صالحین کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی مغفرت حاصل کرنے والے جنتوں میں اعلیٰ مقام پائیں گے، ان کو ایسے احسن اجر ملیں گے جن کا تم تصور بھی نہیں کر سکتے، ان کو پاکیزہ رزق دے گا، ان کو کسی قسم کا خوف نہیں ہوگا، وہ امن میں ہونگے۔ خدائے رحمان ان کے لیے وُد پیدا کریگا یعنی گہرا پیار اور مضبوط تعلق جو کبھی کٹ نہ سکے۔ اللہ تعالیٰ ایسے مومنوں کے دلوں میں اپنی محبت اور بنی نوع کی محبت کِلّے کی طرح گاڑ دیگا۔ پس اگر حقیقی تعلیم پر عمل ہو تو کبھی یہ دُکھ اور تکلیفیں جو ایک دوسرے کو دیے جا رہے ہیں یہ نظر نہ آئیں۔ پس آج افرادِ جماعتِ احمدیہ کا یہ فرض ہے کہ ایمان کی جڑوں کو مضبوط کرنے کے ساتھ اعمال صالحہ کے وہ خوبصورت پتے، شاخیں اور پھل بنیں جو دینِ حق کی خوبصورتی کی طرف دنیا کو کھینچنے والے ہوں۔

حضورِ انور نے اعمالِ صالحہ کے بجالانے اور اس کی وضاحت میں **حضرت مسیح موعود علیہ السلام** کے ارشادات اور تحریرات پیش فرمائیں۔ آپؑ فرماتے ہیں کہ **اعمال پروں کی طرح ہیں، بغیر اعمال کے انسان روحانی مدارج کے لیے پرواز نہیں کرسکتا،** شیطان کے حملے سے کبھی بے خوف نہیں ہونا چاہیے، وہ ہمیشہ انسان کو گمراہ کرنے کے لیے اور اس کے اعمال کو فاسد بنانے کے واسطے تاک میں لگا رہتا ہے۔ **خداتعالیٰ اعمال چاہتا ہے۔ اس لیے بار بار یہی حکم دیا** کہ اعمالِ صالحہ بجالاؤ۔ **خداتعالیٰ اپنے نیک بندوں کو ہمیشہ عزیز رکھتا ہے، ان کی عمر دراز کرتا ہے، ان کے کاروبار میں ایک برکت رکھ دیتا ہے، اور ان کو**

ضائع نہیں کرتا اور بے عزتی کی موت نہیں مارتا، اگر تم چاہتے ہو کہ خدا تعالیٰ تمہاری قدر کرے تو اس کے واسطے ضروری ہے کہ تم نیک بن جاؤ تا خدا تعالیٰ کے نزدیک قابلِ قدر ٹھہرو جو لوگ خدا تعالیٰ سے ڈرتے ہیں اور اس کے حکموں کی پابندی کرتے ہیں وہ ان میں اور ان کے غیروں کے درمیان ایک فرقان رکھ دیتا ہے۔ یہی راز انسان کی برکت پانے کا ہے کہ وہ بدیوں سے بچتا رہے۔ ایسا شخص جہاں رہے وہ قابلِ قدر ہوتا ہے کیونکہ اس سے دوسروں کو نیکی پہنچتی ہے، وہ غریبوں سے حسنِ سلوک کرتا ہے، ہمسائیوں پر رحم کرتا ہے، شرارت نہیں کرتا، جھوٹے مقدمات نہیں بناتا، جھوٹی گواہیاں نہیں دیتا بلکہ دل کو پاک کرتا ہے اور خدا کی طرف مشغول ہوتا ہے۔

حضورِ انور نے فرمایا کہ تکبر، بخل، غرور وغیرہ بداخلاقیاں بھی اپنے اندر شرک کا ایک حصہ رکھتی ہیں اس لیے ان بداخلاقیوں کا مرتکب خدا تعالیٰ کے فضلوں سے حصہ نہیں لے سکتا۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جب تم اس سلسلے میں داخل ہوئے ہو تو نیک اور متقی بنو، ہر ایک بدی سے بچو، یہ وقت دعاؤں میں گزارو، رات دن تضرع میں لگے رہو، زبان کو نرم رکھو، استغفار کو اپنا معمول بناؤ، نمازوں میں دعائیں کرو۔ حضورِ انور نے فرمایا کہ یہ وہ نصائح ہیں جنہیں ہمیں ہر وقت اپنے سامنے رکھنے کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حقیقی مومن بنائے۔ آمین۔ حضورِ انور نے آخر پر مکرم رشید احمد خان صاحب ابن مکرم اقبال محمد خان صاحب آف لندن کی وفات پر ان کا ذکر خیر فرمایا اور نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد مرحوم کی نماز جنازہ حاضر پڑھانے کا اعلان فرمایا۔ (روزنامہ الفضل 23 ستمبر 2014ء)

لجنات حضورِ انور کے ارشاد کے مطابق روزانہ دو نوافل کا التزام کریں۔ جماعت ناروے نے نفلی روزہ کے لئے ہر سوموار کا دن مقرر کیا ہوا ہے۔ جزاکم اللہ

خدا تعالیٰ کی صفت ربوبیت

طیبہ رضوان مجلس کلوفتہ

اللہ تعالیٰ کی ذات کا عرفان حاصل کرنے کیلیئے اس کی صفات کا علم حاصل کرنا بہت ضروری ہے۔ذاتی نام کے علاوہ خدا تعالیٰ کے 99 نام احادیث میں بیان کیئے گئے ہیں۔جن پر غور کرنا،ان کا مظہر بننے کی کوشش کرنا اوران کے ذریعہ دُعا کرنا اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے۔

اللہ تعالیٰ سورۃ البقرہ آیت 139 میں فرماتا ہے

''کہ اللہ تعالیٰ کا رنگ اختیار کرو اور اللہ کے رنگ سے بہتر کس کا رنگ ہوسکتا ہے۔''

اللہ تعالیٰ نے سورۃ الفاتحہ میں اپنی چار بنیادی صفات بیان کی ہیں۔جنھیں **''اُمّ الصفات''** کہا جاتا ہے۔اور وہ چار صفات یہ ہیں ربوبیت، رحمانیت، رحیمیت، مالکیت یوم الدین۔ باقی کی تمام صفات انہیں چار صفات کے تحت آتی ہیں۔جس طرح سورۃ الفاتحہ اُمّ الکتاب ہے اورقرآن کریم کا خلاصہ ہے اسی طرح یہ چار بنیادی صفات بھی دوسری صفات کو اپنے اندر سموئے ہوئے ہیں۔

اُمّ الصفات کے بارے میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں۔

''سورۃ الفاتحہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنی چار صفتیں بیان فرمائی ہیں۔یعنی ربّ العالمین، رحمٰن، رحیم، مالک یوم الدین اوران ہر چہار صفتوں میں سے ربّ العالمین کوسب سے مقدم رکھا ہے۔اور پھر بعد اس کے صفت رحمٰن کا ذکر کیا اور پھر صفت رحیم کو بیان فرمایا، پھر سب سے اخیر صفت مالک یوم الدین کو لایا۔پس سمجھنا چاہیے کہ یہ ترتیب خدا تعالیٰ نے کیوں اختیار کی اس میں نکتہ یہ ہے کہ ان صفات اربعہ کی ترتیب طبعی یہی ہے اوراپنی واقعی صورت میں اسی ترتیب سے یہ صفات ظہور پذیر ہوتی ہیں۔'' (براہین احمدیہ چہار حصص روحانی خزائن جلد1صفحہ 444)

صفت ربّ العالمین۔

رب کے معنی ہیں مخلوقات کی پرورش کرنے والا اوراس کی تدریجاً تکمیل کرنے والا۔**حضرت مسیح موعود علیہ السلام عالمین کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:**

'' مخلوق کو پیدا کرنے والے خدا کے سوا ہر ہستی ہے خواہ وہ عالم ارواح سے ہو یا عالم اجسام سے اورخواہ زمینی مخلوق سے ہو یا سورج چاند اوران کے علاوہ دیگر اجرام کی مانند کوئی چیز ہو۔پس تمام عالم جناب باری کی ربوبیت کے تحت داخل ہیں۔'' (تفسیر جلد اص 97 بیان فرمودہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام)

حضرت مصلح موعودؓ تفسیر کبیر میں فرماتے ہیں:۔

''یہ فرما کر کہ اللہ تعالیٰ ربّ العالمین ہے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا ہر شے ربوبیت کا محل ہے یعنی اِرتقاء کے قانون کے ماتحت ہے۔ ۔۔۔اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز تغیر پذیر اورادنیٰ حالت سے ترقی کر کے اعلیٰ کی طرف جاتی ہے۔اس سے دو امر ثابت ہوتے ہیں۔اوّل خدا تعالیٰ کے سوا ہر شے مخلوق ہے کیوں کہ جو چیز ترقی کرتی اور تغیر پکڑتی ہے وہ آپ ہی آپ نہیں ہوسکتی۔دوسرے ارتقاء کا مسئلہ درست ہے ہر شے ادنیٰ حالت سے اعلیٰ حالت کی طرف گئی ہے خواہ انسان ہو خواہ حیوان۔خواہ نباتات ہوں خواہ جمادات کیوں کہ ربّ العالمین کے معنی یہ ہیں کہ ہر شے کو ادنیٰ حالت سے اعلیٰ کی طرف لے جا کر اللہ تعالیٰ کمال تک پہنچاتا ہے۔پس ثابت ہوا کہ ارتقاء کا مسئلہ دنیا کی ہر شے میں جاری ہے۔نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ ارتقاء مختلف وقتوں اور مدارج میں حاصل ہوتا ہے کیوں کہ ربّ کے معنی ہیں چیز کو مختلف وقتوں اور مختلف درجوں میں ترقی دے کر کمال تک پہنچانا۔'' (تفسیر کبیر بیان فرمودہ حضرت مصلح موعود ص: 21)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی ''صفت رب العالمین'' کے بارے میں فرماتے ہیں:۔

'' سو یہ بات بغیر کسی بحث کے قبول کرنے کے لائق ہے کہ وہ سچا اور کامل خدا جس پر ایمان لانا ہر ایک بندہ کا فرض ہے وہ ربّ العالمین ہے اور اس کی ربوبیت کسی خاص قوم تک محدود نہیں۔ اور نہ کسی خاص زمانہ تک اور نہ کسی خاص ملک تک بلکہ وہ سب قوموں کا ربّ ہے اور تمام زمانوں کا ربّ ہے اور تمام مکانوں کا ربّ ہے اور تمام ملکوں کا وہی ربّ ہے۔ اور تمام فیضوں کا وہی سر چشمہ ہے۔ اور ہر ایک جسمانی اور روحانی طاقت اسی سے ہے اور اسی سے تمام موجودات پرورش پاتی ہیں۔ اور ہر ایک وجود کا وہی سہارا ہے۔ خدا کا فیض عام ہے جو تمام قوموں اور تمام ملکوں اور تمام زمانوں پر محیط ہو رہا ہے۔ یہ اس لئے ہوا کہ تا کسی قوم کو شکایت کرنے کا موقع نہ ملے۔ اور یہ نہ کہیں کہ خدا نے فلاں فلاں قوم پر تو احسان کیا مگر ہم پر نہ کیا۔ یا فلاں قوم کو اس کی طرف سے کتاب ملی تا وہ اس سے ہدایت پاویں مگر ہم کو نہ ملی۔ یا فلاں زمانہ میں وہ اپنی وحی اور الہام اور معجزات کے ساتھ ظاہر ہوا مگر ہمارے زمانے میں مخفی رہا۔ پس اس نے عام فیض دکھلا کر ان تمام اعتراضات کو دفع کر دیا۔ اور اپنے ایسے وسیع اخلاق دکھلائے کہ کسی قوم کو اپنے جسمانی اور روحانی فیضوں سے محروم نہیں رکھا۔ اور نہ کسی زمانہ کو بے نصیب ٹھہرایا۔''

(پیغام صلح ص 3 تا 7 از تفسیر جلد اوّل)

پھر آپؑ فرماتے ہیں:۔

''اس کے بعد ربّ العالمین کا لفظ ہے جیسا پہلے بیان کیا گیا ہے اللہ وہ ذات (مستجمع) جمیع صفات کاملہ ہے جو تمام نقائص سے منزہ ہو اور حسن اور احسان کے اعلیٰ نکتہ پر پہنچا ہوا ہو تا کہ اس بے مثل و مانند ذات کی طرف لوگ کھینچے جائیں۔ اور روح کے جوش اور کشش سے اس کی عبادت کریں اس لئے پہلی خوبی احسان کی صفت رب العالمین کے اظہار سے ظاہر فرمائی ہے جس کے ذریعے سے کل مخلوق ربوبیت سے فیض اٹھا رہی ہے۔ مگر اس کے بالمقابل باقی سب مذہبوں نے جو اس وقت موجود ہیں اس صفت کا بھی انکار کیا ہے مثلاً آریہ یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ انسان کو جو کچھ مل رہا ہے وہ سب اس کے اپنے ہی اعمال کا نتیجہ ہے اور خدا کی ربوبیت سے وہ ہرگز ہرگز بہرہ ور نہیں ہے کیوں کہ جب وہ اپنی روحوں کا خالق ہی خدا کو نہیں مانتے اور ان کو اپنے بقا و قیام میں بالکل غیر محتاج سمجھتے ہیں۔ تو پھر اس صفت ربوبیت کا بھی انکار کرنا پڑا۔ ایسا ہی عیسائی بھی اس صفت کے منکر ہیں کیوں کہ وہ مسیح کو اپنا ربّ سمجھتے ہیں اور ربنا المسیح ربنا المسیح کہتے پھرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کو جمیع مافی العالم کا رب نہیں مانتے بلکہ مسیح کو اس کے فیض ربوبیت سے باہر قرار دیتے ہیں اور خود ہی اس کو ربّ مانتے ہیں اسی طرح پر عام ہندو بھی اس صداقت سے منکر ہیں کیوں کہ وہ تو ہر ایک چیز اور دوسری چیزوں کو ربّ مانتے ہیں۔ برہم سماج والے بھی ربوبیت تامہ کے منکر ہیں کیوں کہ وہ یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ خدا نے جو کچھ کرنا تھا وہ سب یکبار کر دیا اور یہ کہ تمام عالم اور اس کی قوتیں جو ایک دفعہ پیدا ہو چکی ہیں مستقل طور پر اپنے کام میں لگی ہوئی ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ ان میں کوئی تصرف نہیں کر سکتا اور نہ کوئی ان میں تغیر و تبدل واقع ہو سکتا ہے۔ ان کے نزدیک اللہ تعالیٰ اب معطل محض ہے غرض جہاں تک مختلف مذاہب کو دیکھا جاوے اور ان کے اعتقادات کی پڑتال کی جاوے تو صاف طور پر معلوم ہو جاوے گا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ربّ العالمین ہونے کے قائل نہیں ہیں۔ یہ خوبی جو اعلیٰ درجے کی خوبی ہے اور جس کا مشاہدہ ہر آن ہو رہا ہے صرف اسلام ہی بتاتا ہے۔ اور اسی طرح پر اسی ایک لفظ کے ساتھ ان تمام غلط اور بے ہودہ اعتقادات کی بیخ کنی کرتا ہے جو اس صفت کے خلاف دوسرے مذاہب والوں نے خود بنا لئے ہیں۔''

(الحکم 10 مئی 1903 ص 2 تا 3 از تفسیر جلد اوّل)

ہمیں چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی صفات پر غور کر کے انہیں اپنانے کی کوشش کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

دورِ حاضر میں خلافت کی اہمیت اور ضرورت

عطیہ رفعت مجلس پرنسدال



کائنات کے چھوٹے سے چھوٹے ذرہ ایٹم کو لیں یا بڑی سے بڑی گیلیکسی ،اس میں ایک بات مشترک ہے یعنی ''مرکز''۔دنیا کا کوئی بھی نظام ہو یا عام کاروبارِ زندگی ''مرکزیت'' کے بغیر نامکمل ہے، جو ایک طرف تو خدا تعالیٰ کی توحید کی طرف توجہ دلاتی ہے تو دوسری طرف معاشرہ کی تشکیل کا نظام بھی جاری ہوتا ہے جس میں ایک مرکز کی حیثیت ہمیشہ دائمی ہوتی ہے اور اسی مدار پر بنی نوعِ انسان کے نظام کی کامیابی اور ترقی کا انحصار ہے۔ جہاں تک انسانی معاشرہ میں نظام کا تعلق ہے یہ دنیا کے ہر خطہ ملک اور قبیلہ میں موجود ہے جو اس بات کا قطعی ثبوت ہے کہ یہ واقعی فطرت کی آواز ہے،لیکن ان نظاموں میں وقتاً فوقتاً تبدیلیوں اور گڑبڑ سے محسوس ہوتا ہے کہ یہ حقیقی نظام نہیں، کیونکہ اس میں مرکزیت کی وہ روح نہیں جو خدا تعالیٰ کے منشاء کے مطابق ہو۔کیونکہ خدا تعالیٰ تو چاہتا ہے کہ بنی نوعِ انسان پرسکون زندگی بسر کریں پورے اطمینان کے ساتھ اس دنیا میں رہیں۔ پھر یہ انتشار اور بے اطمینانی کیوں؟ اس سوال کا جواب ہمیں خدا تعالیٰ کی طرف سے نازل کردہ کتاب قرآنِ پاک میں ملتا ہے۔

سورۃ النور کی آیت 56 میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ **''تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجالائے ان سے اللہ نے پختہ وعدہ کیا ہے کہ انہیں ضرور زمین میں خلیفہ بنائے گا جیسا کہ اس نے ان سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنایا اور ان کیلئے ان کے دین کو جو اس نے ان کیلئے پسند کیا ضرور تمکنت عطا کریگا اور ان کی خوف کی حالت کے بعد ضرور انہیں امن کی حالت میں بدل دیگا، وہ میری عبادت کریں گے میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے اور جو اس کے بعد بھی ناشکری کرے تو یہی وہ لوگ ہیں جو نافرمان ہیں۔''**

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے جس نظام کا ذکر فرمایا ہے یہ وہ آسمانی نظام ہے جس کا سربراہ خود خدا تعالیٰ مقرر فرماتا ہے اور جس کا آئین اس نے قرآن شریف کی صورت میں نازل فرمادیا ہے یہ نظام نظامِ خلافت ہے جو خدا تعالیٰ کے مامورین اور مرسلین کی آمد پر جاری ہوتا ہے اور ان کی وفات کے بعد بھی جاری رہتا ہے۔خلافت عربی زبان کا لفظ ہے جسکے لغوی معنی کسی کے پیچھے آنا یا کسی کو اپنا جانشین، قائم مقام یا نائب بنانے کے ہوتے ہیں۔لیکن اصطلاح میں اس کے دو معنی ہوسکتے ہیں، پہلا تو یہ کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے دنیا کی اصلاح اور فلاح کیلئے جو مامور اور مرسل مبعوث کئے جاتے ہیں انہیں خلیفۃ اللہ کہا جاتا ہے کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے نائب ہونے کی حیثیت سے کام کرتے ہیں جیسا کہ حضرت آدمؑ اور حضرت داؤدؑ کو قرآن شریف نے خود خلیفہ کے نام سے یاد کیا ہے۔دوسرا معنی وہ برگزیدہ اور نیک ہستی جو کسی روحانی پیشوا یا نبی کی وفات کے بعد اس کے کام کی تکمیل کیلئے اسکی قائم مقام بنتی ہے اور اسکی جماعت کا امام۔جیسا کہ آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ خلیفہ بنے۔

مگر پھر سوال یہ اُٹھتا ہے کہ خلیفہ کی ضرورت کیوں ہے؟ تو اس کا ایک تو سادہ سا جواب یہی ہے کہ نبی کی وفات کے بعد خوف کی حالت کو امن میں بدلنے کے لئے جیسا حضرت محمد ﷺ کی وفات کے وقت اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکرؓ کو مسلمانوں کی دلجوئی کیلئے کھڑا کیا ان کی زبان سے وہ کلمات جاری فرمائے جو تمام صحابہ کو معلوم تھے مگر بوجہ غم اور خوف ذہن سے محو ہوگئے تھے اور یہی سچی خلافت کی نشانی ہے کہ خدا کا ہاتھ اس کے سر پر ہوتا ہے۔ چونکہ ہر انسان کی ایک مخصوص اور محدود طبعی عمر ہوتی ہے اور اس نے ایک مخصوص وقت گزار کر اس دنیا سے چلے جانا ہوتا ہے اور چونکہ اصلاح کا کام ایک لمبا عرصہ چاہتا ہے تاکہ

اُمت کی نگرانی اور تربیت کا سلسلہ جاری رہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے نبوت کے بعد خلافت کا سلسلہ جاری فرمایا تا کہ نبی کی وفات کے بعد خلفاء کے ذریعہ اس بیج کی آبیاری کی جائے جو نبی نے بویا ہے تا کہ وہ مضبوط اور تناور درخت کی شکل اختیار کر لے۔یعنی خلافت کا نظام درحقیقت نبوت کے نظام کو آگے بڑھانے اور مکمل کرنے کی کڑی ہے۔اس لئے نبی پاک ﷺ نے فرمایا ہے کہ ’’ہر نبوت کے بعد خلافت کا نظام قائم ہوتا ہے۔‘‘ نبی کا کام تبلیغ کے ساتھ ساتھ مومنوں کی جماعت کی دینی تعلیم، روحانی اور اخلاقی تربیت اور ان کی تنظیم ہوتا ہے اور یہ سارے کام نبی کی وفات کے بعد خلیفہ کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں جس کا وجود جماعت کو انتشار سے بچا کر انہیں ایک مضبوط لڑی میں پروئے رکھتا ہے۔

حضرت مسیحِ موعود علیہ السلام نظامِ خلافت کے قیام کی ضرورت اور اہمیت بیان کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں۔

’’خدا تعالیٰ کا کلام مجھے فرماتا ہے وہ اس سلسلہ کو پوری ترقی دیگا، کچھ میرے ہاتھ سے کچھ میرے بعد۔ یہ خدا تعالیٰ کی سنت ہے اور جب سے کہ اس نے انسان کو زمین میں پیدا کیا ہمیشہ اس سنت کو وہ ظاہر کرتا ہے کہ وہ اپنے نبیوں اور رسولوں کی مدد کرتا ہے اور انکو غلبہ دیتا ہے۔۔۔۔۔اور جس راستبازی کو وہ دنیا میں پھیلانا چاہتے ہیں اسکی تخم ریزی انہی کے ہاتھ سے کر دیتا ہے۔لیکن اس کی پوری تکمیل ان کے ہاتھ سے نہیں کرتا بلکہ ایسے وقت میں ان کو وفات دیکر جو بظاہر ایک ناکامی کا خوف اپنے ساتھ رکھتا ہے مخالفوں کو ہنسی اور ٹھٹھے اور طعن و تشنیع کا موقع دے دیتا ہے۔اور جب وہ ہنسی ٹھٹھا کر چکتے ہیں تو پھر ایک دوسرا ہاتھ اپنی قدرت کا دکھاتا ہے۔اور ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے جن کے ذریعہ سے وہ مقاصد جو کسی قدر نا تمام رہ گئے تھے اپنے کمال کو پہنچتے ہیں۔‘‘

(الوصیت ص 8,9)

پس خلافت کے قیام کی ضرورت اور اس کی اہمیت جہاں مادی قانونِ قدرت سے ثابت ہے وہاں اللہ تعالیٰ کے روحانی نظام کا بھی یہی تقاضا ہے اور اسکی سنت بھی یہی ثابت کرتی ہے کہ نبوت کے بعد خلافت کا نظام بہر حال قائم ہونا چاہئے کہ ساری دنیا کے مسائل کا حل اسی نظام میں ہے۔جبکہ خدا تعالیٰ خود خلیفہ کو کھڑا کرتا ہے تو ہر قدم پر اس کی مدد اور رہنمائی فرماتا ہے، علم اور حکمت عطا فرماتا ہے روح القدس سے تائید اور نصرت فرماتا ہے ہر مشکل مرحلہ اور ابتلاء میں پورا اُترنے کی توفیق عطا فرماتا ہے۔اس لئے ضروری ہے کہ اس کے ہر حکم کی تعظیم کی جائے۔اس کے علم کے آگے اپنے علم کو علمِ لاشئی سمجھے بلکہ اسکے مقام کا تقاضا ہے کہ یہ کام اسی پر چھوڑا جائے جیسا کہ **حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ فرماتے ہیں** ’’کہا جاتا ہے کہ خلیفہ کا کام صرف نماز پڑھا دینا اور پھر بیعت لے لینا ہے، یہ کام تو صرف ایک ملا بھی کر سکتا ہے۔اس کے لئے کسی خلیفہ کی ضرورت نہیں۔اور میں اس قسم کی بیعت پر تھوکتا بھی نہیں۔ بیعت وہ ہے جس میں کامل اطاعت کی جائے اور خلیفہ کے کسی ایک حکم سے بھی انحراف نہ کیا جائے۔‘‘

دین کی تمکنت کیلئے ضروری ہے کہ اس کے ماننے والوں کا خدا تعالیٰ کے ساتھ ذاتی تعلق ہو اور ان کو خدا تعالیٰ کا خاص قرب حاصل ہو جو کہ خدا تعالیٰ کے قائم کردہ نمائندہ کے ساتھ مضبوط تعلق سے پیدا ہوتا ہے۔**حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ فرماتے ہیں۔**

’’انبیاء اور خلفاء اللہ تعالیٰ کے قرب کے حصول میں مد ہوتے ہیں۔جیسے کمزور آدمی پہاڑ کی چوٹی پر نہیں چڑھ سکتا تو سونٹے یا سٹک کا سہارا لیکر چڑھتا ہے۔اسی طرح انبیاء اور خلفاء لوگوں کیلئے سہارے ہیں۔وہ دیواریں نہیں جنہوں نے الٰہی قرب کے سہاروں کو روک رکھا ہے، بلکہ وہ سونٹے اور سہارے ہیں جن کی مدد سے کمزور آدمی بھی اللہ کا قرب حاصل کر لیتا ہے۔‘‘ (الفضل 11 ستمبر 1937)

کامل اطاعت انسان کو صحابہؓ کے درجہ پر پہنچا دیتی ہے، کیا وجہ ہے کہ آج کا مسلمان انتشار اور بے چینی کا شکار ہے آج بھی مسلمان ویسے ہی نماز پڑھتے ہیں جیسا کہ صحابہؓ پڑھتے تھے ویسے ہی روزے رکھتے ہیں جیسا کہ صحابہؓ رکھتے تھے زکوٰۃ بھی ادا کرتے ہیں حج کرتے ہیں تو پھر کیا کمی ہے کہ آج تمام عالمِ اسلام بیچارگی کسمپرسی غربت و افلاس اور ذہنی و فکری پسماندگی کا شکار ہے۔اس کا جواب سیدنا حضرت مصلح موعودؓ کے الفاظ میں یہی ہے کہ **’’اطاعت کی روح نظام میں ہے‘‘** دورِ نبوی میں جب صحابہ کو کوئی حکم ملتا تھا تو وہ فوراً ادائیگی پہ کمر بستہ ہو جاتے تھے مگر آج اطاعت کی کمی ہے بلکہ بلاشبہ نظام کی کمی ہے کوئی طاقت ایسی نہیں

جوتمام مسلمانوں کوایک پلیٹ فارم پرجمع کرسکے۔ ہرایک نے اپنی علیحدہ مسجد بنائی ہوئی ہے،کوئی بھی دوسرے کو برداشت کرنے کیلئے تیارنہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے حالیہ خطبہ جمعہ فرمودہ 24اپریل 2015میں فرمایا ہے۔

’’نمازروزے سے اُتر کر اخلاق اور دنیاوی ضروریات خواہ کسی انجمن کا قیام ہو یا جلسے کا انعقاد عموماً علماء یہ کہتے ہیں ہمارے نزدیک یہ اسلام کا حصّہ ہے اور اس میں شامل نہ ہونے والا کافر اور مرتد ہے۔اب ہم اسلامی دنیا میں دیکھتے ہیں جب اس کا پھیلاؤ ہوتا ہے تو ہر ایک چیز کو اپنے گھیرے میں لے لیتا ہے، پھر کافر اور مرتد سے بڑھ کر جنگیں شروع ہو جاتی ہیں، ہر فرقے کے فتوے ہیں اور پھر یہی وجہ ہے کہ مختلف شدت پسند گروہ اپنے اسلام کو نافذ کرنے کیلئے اپنا ضابطۂ اخلاق یا نام نہاد قانون بنا کر قتل وغارت گری کر رہے ہیں جیسا کہ اس وقت شام میں عراق میں افغانستان اور پاکستان میں مذہب کے نام پر اپنے خود ساختہ قوانین پر خون کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔اور اس طرح اسلام میں بگاڑ پیدا کر دیا ہے۔‘‘

اگرچہ مختلف وقتوں میں مختلف تحاریک اُٹھتی رہتی ہیں جن کا مقصد عالمِ اسلام کو ایک جھنڈے تلے جمع کرنا ہوتا ہے مگر وہ جلد ہی اپنی موت آپ مرجاتی ہیں کتنی ہی تحریکیں ہیں جو خلافتِ راشدہ کے بعد اُٹھیں جواب صرف تاریخ کا حصّہ ہیں۔کتنی ہی تحریکیں ہمارے سامنے اُٹھیں مگر مسلمانوں کو متحد کرنے میں ناکام رہیں۔کیونکہ ان کی بنیاد وعدۂ خدائی کی بجائے دنیاوی جاہ وحشمت ہوتی ہے۔مطمحِ نظر دنیاوی بادشاہت ہوتی ہے تو خدا کی تقدیر کیسے ان کا ساتھ دے سکتی ہے جن کی بنیاد ہی قرآن وسنت کے برعکس ہوتی ہے۔مثلاً آجکل کی تازہ ترین تحریک داعش کو ہی لے لیجئے۔ہم میں سے کون نہیں جانتا کہ بظاہر اسلامی نظامِ خلافت کا نعرہ لگانے کے یہ کیسے معرضِ وجود میں آئی۔جون 2014 سے پہلے ’’دولتِ اسلامیہ عراق وشام‘‘یا داعش کا نام ونشان بھی نہیں تھا مگر یکا یک شام کے بحران میں ناکامی کے بعد ایک گروپ ابھرا جس نے اپنی شام میں ناکامی کا بدلہ عراق میں خون خرابہ کر کے اور سینکڑوں معصوم عراقیوں کی جانیں لینے کے بعد شمالی عراق کے چند تیل کے کنوؤں پر قبضہ کر کے لیا۔ جدید اسلحہ سے لیس اس گروپ کو کچھ مسلمان اور کچھ مسلمان مخالف ممالک کی معاشی اور عسکری آشیر باد حاصل ہے۔شیخ ابوبکر البغدادی جو اس تنظیم کے بانی ورہنما ہیں خود کو امیر المومنین اور اس ریاست کا خلیفہ بتاتے ہیں جس کے نقشے اس تنظیم نے جاری کئے ہیں، جہاں پر قبضہ کر کے مستقبل قریب میں اسلامی نظامِ خلافت جاری کرینگے۔داعش یا ISIS ظاہری طور پر اسلامی احکام کے اجراء پر تاکید کرتا نظر آتا ہے، لیکن درحقیقت یہ ایک دہشت گرد گروہ ہے جس کے افکار ونظریات مکمل طور پر اسلام مخالف ہیں۔ایک طرف اسلام کے خوبصورت چہرے کو بگاڑ کر دنیا کے سامنے لا رہے ہیں تو دوسری طرف عالمِ اسلام میں فرقہ وارانہ جنگ بھڑکا رہے ہیں

سوچنے کی بات ہے کہ آخر ایسا کیوں ہے مسلمانوں کو متحد کرنے کی تمام تر کوششیں ناکام کیوں ہو رہی ہیں؟ اسلام کے نام پر اُٹھنے والی تحریکیں بجائے خدا تعالیٰ کی محبت وتائید حاصل کرنے کے اس کے قہر کا شکار کیوں بن رہی ہیں؟ مسلمانوں کی ایسی کسمپرسی کی حالت میں قرونِ اولیٰ میں تو خدا تعالیٰ کی محبت جوش میں آجاتی تھی اب نہیں آرہی کیوں؟ **ان سوالوں پر غور کرنے اور سوچنے کے بعد اور قرآن وحدیث کے مطالعہ کے بعد حل یہی نکلتا ہے کہ مسلمان اپنے قول وفعل میں تضاد کے باعث خدا تعالیٰ کی اس نعمت سے محروم ہو چکے ہیں جس کا وعدہ ان سے سورۃ النور کی آیت 56 میں کیا گیا ہے۔ظاہر ہے یہ وعدہ خلافت علیٰ منہاج النبوۃ کا تھا یعنی آنحضرت ﷺ کی وہ واضح پیشگوئی کہ جس میں آپ ﷺ نے فرمایا آخری زمانے میں میرے ہی روپ میں میرا ہی ایک روحانی فرزند مبعوث ہوگا یعنی مسیح موعود اور مہدی موعود جس کے ذریعہ سے دینِ حق کی نشاۃِ ثانیہ مقدر تھی پھر اس کی وفات کے بعد خلافت علیٰ منہاج النبوۃ قائم ہوگی جو قیامت تک جاری رہے گی اور مومنین کو متحد رکھنے کی ضامن ہوگی۔**پس آج مسلمانوں کی زبوں حالی اور بدامنی کی وجہ ایک واجب الاطاعت امام اور خلافت جیسی نعمت سے محرومی ہے۔مسیح موعود اور مہدی موعود جن کو اللہ تعالیٰ نے عین وقتِ مقرر پر مبعوث فرمایا اور آپ کی وفات کے بعد سلسلہ خلافت کو جاری فرمایا اس کے انکار کی وجہ سے موردِ عذاب الٰہی بن چکے ہیں۔مسلمانوں کے سرکردہ لیڈر اور سربراہ اس بات کا خود اظہار کر رہے ہیں کہ ہماری ذلت اور رسوائی کا سب سے بڑا سبب ہے کہ ہمارا کوئی امام نہیں ہمارا کوئی پرسانِ حال نہیں۔اس حقیقت کو ہر مسلمان محسوس کر رہا ہے کہ مسلمانوں کی یک جہتی اتحاد و

اتفاق کا سامان صرف اور صرف نظامِ خلافت میں ہے۔اس نظام کے جاری رکھنے کیلئے کئی تحریکیں ابھرتی رہتی ہیں وہ یہ بات بھول جاتے ہیں کہ یہ نظام خدا تعالیٰ کی طرف سے جاری ہوتا ہے کسی فرد یا ملت کا کام نہیں۔

آج روئے زمین پر صرف اور صرف جماعت احمدیہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اس نعمت سے نوازا ہے۔ثبوت کے طور پر اتنا ہی کافی ہے کہ باوجود نامسائد حالات اور وسائل کی کمی کے اور مخالفتوں کے طوفانوں اور مصائب کی آندھیوں کے اسلام کے خوبصورت پیغام کو دنیا بھر میں غالب کرنے کیلئے جو خدمات سر انجام دے رہی ہے اسکی ایک دنیا شاہد ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ فرماتے ہیں۔

''آخر میں خدام کو یہ نصیحت کرنا چاہتا ہوں کہ وہ خلافت کی برکات کو یاد رکھیں اور کسی چیز کو یاد رکھنے کیلئے پرانی قوموں کا یہ دستور ہے کہ وہ سال میں اس کیلئے خاص طور پر ایک دن مناتی ہیں۔مثلاً شیعوں کو دیکھ لو وہ سال میں ایک دفعہ تعزیہ نکالتے ہیں تا قوم کو شہادتِ حسین کا دن یاد رہے۔اسی طرح میں بھی خدام کو نصیحت کرتا ہوں کہ وہ سال میں ایک دن ''خلافت ڈے'' کے طور پر منایا کریں۔اس میں وہ خلافت کے قیام پر خدا تعالیٰ کا شکریہ ادا کریں اور اپنی پرانی تاریخ کو دہرایا کریں''۔ (الفضل یکم مئی 1957)

اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ وہ ہمیں اس عظیم نعمت کی قدر کرنے کی توفیق بخشے اور ہم سب کو خلیفہ وقت کا مقام اور اس کی اہمیت صحیح طور پر سمجھنے کی توفیق دے اور حقیقی اطاعت اور فرمانبرداری کی روح ہمارے اندر پیدا کرے۔آمین

مغفرت بےحساب ہو جائے
مرحمت لاجواب ہو جائے
قرب رحمت ماب حاصل ہو
وصل عالی جناب ہو جائے
دل کے مالک پکارسن دل کی
ہر دعا مستجاب ہو جائے
بادِ رحمت سے اڑ کے ہر غم و فکر
ایک بھولا سا خواب ہو جائے

(از درّعدن صفحہ 109)

”دین کو دنیا پر مقدم کرنا“

صحابہؓ کے واقعات کی روشنی میں

ثمینہ ظہور مجلس کلوفتہ

”میں دین کو دنیا پر مقدم کروں گی“۔ یہ جملہ ہم میں سے ہر بڑا چھوٹا بچپن سے سنتا چلا آتا ہے اور لاشعوری طور پر یہ ہمارے ذہنوں پر نقش ہو جاتا ہے۔لیکن سوچنے کی بات یہ ہے کہ دین کیا ہے؟ دین ہے اللہ تعالیٰ کے احکامات کے تابع ہو کر زندگی گزارنا اور اپنے ہر قول و فعل سے خدا تعالیٰ کو راضی کرنا۔اسلام جسے خدا نے فطرت انسانی پر بنایا ہے وہ ہمیں زندگی گزارنے کے صحیح طریق سکھاتا ہے۔دینِ اسلام زندگی کے ہر پہلو پر روشنی ڈالتا ہے تو زندگی کو خدا کے بتائے ہوئے طریق کے مطابق گزارنا ہی اسلام ہے۔اور درحقیقت یہی کامیابی کی طرف لے کر جانے والا راستہ ہے۔

اس لحاظ سے ہمیں ہر وقت اپنا جائزہ لیتے رہنا چاہیئے کہ کیا ہمارا عمل خدا کو راضی کرنے والا ہے؟ اور کیا ہم خدا کی طرف قدم بڑھا رہے ہیں؟ یا دنیا کا انتخاب کر کے ہم نے خدا سے اپنے آپ کو خود ہی دُور کر لیا ہے۔

اللہ کے فضل سے اسلام اور جماعت احمدیہ کی تاریخ ایسے واقعات سے بھری پڑی ہے جہاں ہمیں صحابہ رسول ﷺ اور آپ کے بعد آنے والے **سابقون الاوّلین** میں ایسے ان گنت نمونے نظر آتے ہیں جو ہمارے ایمانوں کو تازہ کرنے کا باعث بنتے ہیں۔اور اگر ایسے واقعات پڑھ کر ہمارے ایمانوں میں ترقی ہو اور ہم خدا کی طرف جھکتے چلے جائیں تو ہم واقعی اپنے عہدوں کا حق ادا کرنے والے ہونگے۔

اسلام میں دین کو دنیا پر مقدم کرنے کی سب سے پہلی اور شاندار مثال حضرت خدیجہؓ کی ملتی ہے جو مکہ کی مالدار تاجر خاتون تھیں۔آپؓ نے اپنا سارا مال اور غلام حضرت محمد ﷺ کی خدمت میں یہ کہتے ہوئے پیش کر دیئے کہ جیسے چاہیں استعمال کریں۔نہ صرف یہ کہ مال و دولت اسلام کی راہ میں قربان کر دی بلکہ آپؓ آنحضور ﷺ کے دین کے کاموں میں مکمل تعاون کرتیں اور دین کی خدمت میں آپ کی معاون و مددگار رہیں۔

آنحضور ﷺ نے ایک موقع پر آپ کی تعریف ان الفاظ میں کی۔

”خدا کی قسم! مجھے خدیجہ سے اچھی بیوی نہیں ملی، وہ ایمان لائی جب سب لوگوں نے انکار کیا، اس نے میری تصدیق کی جب سب نے مجھے جھٹلایا۔اس نے اپنا زر و مال مجھ پر قربان کر دیا۔جب دوسروں نے مجھے محروم رکھا اور اللہ نے اس کے بطن سے مجھے اولاد دی۔“ (تذکار صحابیات صفحہ 43)

حضرت ابو بکر صدیقؓ کے بارے میں آتا ہے کہ وہ مکہ کے مالدار شخص تھے لیکن قبول اسلام کے بعد ان کی زندگی میں خدا اور اس کے رسول کے علاوہ کوئی چیز اہمیت نہ رکھتی تھی۔آپ نے اپنے مال سے بہت سے غلاموں کو آزاد کروایا۔اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا یہ حال تھا کہ قبول اسلام کے وقت چالیس ہزار درہم کے مالک تھے جو سب کے سب خدا کی راہ میں خرچ کر دیئے۔غزوہ تبوک کے موقع پر جب تحریک کی گئی تو اپنے گھر کا سارا مال خدا کی راہ میں قربان کر دیا۔اپنے گھر والوں کی ضروریات اور دنیاوی مال و اسباب کی بالکل پرواہ نہ کرتے ہوئے دین کو دنیا پر مقدم کر کے ایک دائمی مثال قائم کر دی۔آپ کی یہ بے مثال قربانی دیکھتے ہوئے ہی حضرت عمرؓ جو اپنے گھر کا آدھا سامان یہ سوچ کر لائے کہ آج میں ابو بکرؓ سے سبقت لے جاؤں گا فرماتے تھے کہ میں نے اس روز یہ سوچ لیا کہ یہ بوڑھا مجھے کبھی آگے بڑھنے نہیں دے گا۔ (سیرت صحابہ رسول، صفحہ 64)

حضرت عمرؓ جو مکہ کے نڈر، بہادر اور معزز شخص تھے اور لوگوں پر ان کا بہت رعب اور اثر تھا۔جب اسلام قبول کیا تو اس بات کا بالکل بھی خیال نہ کیا کہ لوگ کیا کہیں گے یا دنیا مجھ پر ہنسے گی۔بلکہ جب نیکی اور ہدایت کی بات سن لی تو پھر کسی بھی چیز کی پرواہ نہ کی اور حق بات کو نہ صرف قبول کیا بلکہ اس راستہ میں آنے

والی کوئی رکاوٹ بھی آپ کو اپنے ایمان میں کمزور نہ کرسکی۔

حضرت عمرؓ جن کے دور میں قیصر و کسریٰ کی حکومتیں پاش پاش ہو گئیں اور مال غنیمت کے ڈھیر لگ گئے۔ مسلمان خوشحالی کی زندگی گزارنے لگے۔ زمانہ خلافت میں ایک دفعہ آپ کی صاحبزادی حضرت حفصہؓ نے عرض کی کہ ابا جان! اللہ تعالیٰ نے بہت فضل کئے اور بہت کچھ عطا فرمایا ہے۔ اب تو آپ عمدہ لباس سے پرہیز نہ کریں۔ حضرت عمرؓ فرمانے لگے کہ خدا کی قسم میں تو اپنے آقا و مولا کے نقش قدم اور اسوۂ پر چلوں گا تا مجھے آخرت کی خوشحالی نصیب ہو۔

بیت المقدس جب فتح ہوا تو آپؓ نے وہاں کا سفر اختیار کیا۔ اگرچہ اس وقت اسلامی سلطنت بہت پھیل چکی تھی اور آپؓ اس اسلامی سلطنت کے بادشاہ کی حیثیت رکھتے تھے۔ چاہتے تو شان و شوکت اور رعب و دبدبہ کے ساتھ وہاں تشریف لے جاتے مگر دین کو دنیا کی ہر آسائش پر ترجیح دینے والے اس مرد خدا کا قافلہ ایک اونٹ اور ایک غلام تھا جس پر آپؓ اور آپؓ کا غلام باری باری بیٹھتے تھے۔

حضرت عمرؓ نے خدا کی خاطر ہر طرح کی قربانیاں دیں۔ آپؓ کی دو ازواج جو مشرک تھیں اور دین اسلام کو قبول نہ کرتیں تھیں آپؓ نے دین کی خاطر اُن سے علیحدگی اختیار کرلی۔

ایک موقع پر جب آنحضورﷺ نے اپنی ازواج سے علیحدگی اختیار فرمائی۔ حضرت عمرؓ نے آپﷺ کو بالاخانہ میں ایک چٹائی پر لیٹے ہوئے اس حال میں دیکھا کہ بدن پر چٹائی کے نشان تھے۔ انہوں نے بے قرار ہو کر آپ ﷺ سے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ قیصرہ وکسریٰ تو کیسی شان میں اور آرام میں ہیں اور خدا کا رسول جن کے لئے یہ دنیا بنائی گئی ہے اس حال میں چٹائی پر لیٹے ہوئے ہیں۔۔۔؟ آنحضورﷺ نے فرمایا اے عمرؓ! یہ دنیا ان لوگوں کو مبارک ہو جو اس کی فکر کرتے ہیں۔ (سیرت صحابہ رسول صفحہ 65)

حضرت عثمان غنیؓ کے بارے میں ایک واقعہ ملتا ہے کہ ایک دفعہ مدینہ میں قحط پڑ گیا۔ حضرت عثمانؓ کا تجارتی قافلہ سب سے پہلے مدینہ پہنچا، اونٹوں کی قطاریں غلہ سے لدی ہوئی تھیں۔ مدینہ کے تمام تاجرا کھٹے ہو کر حضرت عثمانؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا بے شک منہ مانگا منافع لے لیں اور یہ قافلہ ہمیں بیچ دیں۔ دس ہزار درہم کی مالیت پر بارہ ہزار درہم کی پیش کش ہوئی، حضرت عثمانؓ نے کہا کہ مجھے اس سے زیادہ منافع ملتا ہے۔ میں اتنے میں نہیں دے سکتا کسی نے کہا کہ ہم پندرہ ہزار درہم دیتے ہیں یہ غلہ ہمیں بیچ دیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اس سے بھی زیادہ ملتے ہیں۔ مدینہ کے تاجر حیران تھے۔ انہوں نے کہا ہم سب مدینہ کے باسی ہیں۔ اس سے بڑی بولی آپ کو کس نے دی ہے اور کون ہے جو اس سے زیادہ آپ کو دے رہا ہے؟ حضرت عثمانؓ نے کہا کہ وہ میرا خدا ہے جو ایک درہم کے مقابلہ میں مجھے دس درہم کی نوید سناتا ہے۔ پھر حضرت عثمانؓ نے اعلان کر دیا کہ میں ان تمام اونٹوں پر لدا ہوا مال مدینے کے غرباء کے لئے وقف کرتا ہوں۔ آپؓ نے کیا خوب تجارت کی کہ دنیاوی منافع سے آخرت کے منافع کو ترجیح دی اور دین کو دنیا پر مقدم رکھا۔ دنیاوی دولت کی بڑی سے بڑی پیشکش بھی اس کے مقابلہ پر حقیر سمجھی۔

جنگ اُحد میں جب یہ مشہور ہو گیا کہ آنحضورﷺ شہید ہو گئے ہیں تو اس وقت ایک صحابی جو کئی دن سے فاقے سے تھے۔ جنگ لڑ کے ہٹے تھے۔ اس وقت فتح کی حالت پیدا ہو چکی تھی۔ ان کے پاس کچھ سوکھی کھجوریں تھیں وہ سوکھی کھجوریں کھا رہے تھے۔ یہ اُس وقت کا کھانا تھا۔ جب یہ بات انہوں نے سنی تو فوراً انہوں نے کھجوریں پھینک دیں اور فوراً جنگ میں کود پڑے اور جا کر شہید ہو گئے۔ اس وقت انہوں نے اپنے پیٹ کی اور بھوک کی فکر نہیں کی بلکہ ان کھجوروں کو کھانا بھی گناہ سمجھا کیونکہ اس وقت دین یہ تقاضا کر رہا تھا کہ کھجوریں کھانا گناہ ہے۔ (الفضل انٹرنیشنل 7 نومبر 2014)

یہ تو تھے چند واقعات جو صحابہ رسولﷺ کی زندگی سے لئے گئے تھے۔ اب چند واقعات ان صحابہ کے جو آئے تو بعد میں لیکن نمونہ پہلوں جیسا ہی دکھایا اور زندگی کے ہر موڑ پر دین کو دنیا پر مقدم کر کے آج کے زمانے میں ہمارے لئے زندہ مثالیں قائم کیں۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے صحابہؓ میں دین کو دنیا پر مقدم کرنے کی بے نظیر مثال صاحبزادہ عبدالطیفؓ صاحب شہید کی ہے۔ جو اپنے علاقہ کے بہت بڑے رئیس اور بااثر شخص تھے لاکھوں کی تعداد میں لوگ آپ کے مرید تھے۔ آپؓ نے حضرت مسیح موعودؑ کی بیعت کی تو ملک کا بادشاہ اور مولوی آپ کے دشمن

ہوگئے وہ آپ کو بار بار کہتے کہ مرزا صاحب کا انکار کر دیں تو ہم آپ کو آپ کی شان و شوکت واپس دے دیں گے مگر دین کی خاطر ہر طرح کی اذیتیں برداشت کرنے والے اس پیارے کا جواب ہر بار یہ ہوتا کہ جس بات کو میں نے حق سمجھ کر مانا ہے اس سے انکار کیوں کر ممکن ہے۔ آخر بدبختوں نے آپ کو سنگساری کی سزا سنائی اور اس خدا کے فرستادہ نے ہنستے ہوئے دین کی راہ میں اپنی جان قربان کر دی۔

حضرت حافظ روشن علی صاحب ساری عمر نرینہ اولاد سے محروم رہے۔ محترم مولوی عبد الرحمان صاحب انور روایت کرتے ہیں کہ آپ کو رؤیا کے ذریعے مقدر اولاد کی روحانی حالت کا علم ہو چکا تھا جس کی وجہ سے آپ نے دعا کی کہ یا اللہ اگر میری اولاد نے دین کی خادم نہیں بننا تو مجھے ایسی اولاد عطا نہ فرما۔ چنانچہ آپ کی دُعا قبول ہوئی۔ اولاد نہ ہونا کسی انسان کے لئے موجب اطمینان نہیں ہو سکتا لیکن آپ نے دین کی خاطر اس فطری جذبہ سے بھی کنارہ کشی اختیار کر لی۔ (سیرت حضرت حافظ روشن علی صاحب صفحہ 14)

محترم سید عبد الحئی شاہ صاحب جن کا تعلق کشمیر سے تھا۔ بڑے ہوئے تو قادیان آ گئے تھے اور قادیان آنے کے بعد پھر وہیں سے جب ہندو پاک کی پارٹیشن ہوئی تو یہ پاکستان آ گئے۔ ان کی والدہ کشمیر میں ہی تھیں۔ اُن سے یہ علیحدہ ہوئے تو پھر چالیس سال کے بعد اُن کو جا کر مل سکے۔ چالیس سال تک یہ اپنی والدہ کو نہیں مل سکے اور یہ جدائی انہوں نے دین کی خاطر برداشت کی۔ (خطبہ جمعہ 23 دسمبر 2011)

مردوں کے ساتھ ساتھ خواتین نے بھی دین کو دنیا پر مقدم کرنے کی بے نظیر مثالیں قائم کی ہیں۔

حضرت اُم المومنینؓ حضرت مسیح موعودؑ کی رسالت پر ایمانِ کامل رکھتی تھیں اور آپؑ کی زندگی میں اور بعد میں آنے والی خلفاء کے دور میں ہر قسم کی قربانی کے لئے ہر وقت تیار رہتیں۔ آپ اپنی تمام استعدادوں سمیت، اپنی اولاد اور اپنے مال کو دین کی راہ میں قربان کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار رہتیں۔ شروع میں جب لنگر خانہ کا اجراء نہیں ہوا تھا تو کھانا حضرت مسیح موعودؑ کے گھر سے پک کر مہمانوں کے لئے آتا تھا۔ آپ اس کا سارا انتظام اپنے سامنے کرواتیں، کبھی وقت بے وقت مہمان کے آنے پر ذرّہ برابر بھی شکن آپ کے ماتھے پر نہ آتی بلکہ مہمان کے مزاج اور طبیعت کے موافق کھانا بنواتیں۔

جب حضرت مسیح موعودؑ نے منارۃ المسیح بنانے کی تحریک کی اور آپؑ نے ایک سو ایک خدام سے فرمایا کہ آپ احباب سو سو روپیہ دیں۔ لیکن حضرت اماں جانؓ نے ایک ہزار روپے کا وعدہ لکھوایا اور اپنا دہلی والا گھر بیچ کر یہ رقم ادا کی۔ (سیرت حضرت اماں جان صفحہ 27)

آپؓ نے دین کے مقابلہ پر دنیاوی چیزوں کو ذرہ برابر بھی اہمیت نہ دی اور دین کی خدمت کے لئے معمولی سے معمولی خدمت کو بھی حقیر نہ سمجھا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ کی خلافت کا واقعہ ہے کہ ایک بار کچھ لحاف قابلِ مرمت تھے۔ آپؓ نے صوفی غلام محمد صاحب امرتسری سے فرمایا۔ یہ حضرت اماں جان کو بھجوا دیں۔ یہ سن کر انہیں بہت رنج ہوا کہ حضرت اماں جان سے ایسے کام کروائے جا رہے ہیں۔ ان کی جو بُری سی شکل بنی دیکھی تو حضرت صاحب سمجھ گئے اور فرمایا: ''انہوں نے مجھے کہا ہوا ہے کہ میں ان کو کام بتا دیا کروں۔'' (سیرت حضرت اماں جان صفحہ 26)

حضرت اماں جان نے اپنے ہاتھ سے وہ لحاف مرمت کر کے بھجوا دیے۔ کیسا مبارک وجود تھا جس نے ایک لمحہ کے لئے بھی یہ نہ سوچا کہ میں یہ معمولی کام کیوں کروں اس کام کے لئے تو خادمائیں موجود ہیں بلکہ اس اعلیٰ ہستی نے اس ادنیٰ سے کام کو اپنے ہاتھ سے انجام دے کر ہمیں یہ سبق دیا کہ دین کی خدمت کے لئے کوئی بھی کام ادنیٰ نہیں ہوتا۔

صاحبزادی فوزیہ شمیم صاحبہ بیان کرتی ہیں کہ ''ایک مرتبہ بڑی امی (حضرت سیّدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ) نے مجھ سے فرمایا آج رات میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت مسیح موعودؑ تشریف لائے اور مجھے مخاطب کر کے فرماتے ہیں ''مبارکہ اپنی لڑکیوں کو احمدیت کی بنیادوں میں دے دو''۔ فرمایا اس کا مطلب یہ ہے کہ بچیوں کی ایسی تربیت کرو کہ ہر قربانی کر سکیں اور نئی نسل کی بہترین مائیں بن سکیں۔''

چنانچہ صاحبزادی فوزیہ شمیم صاحبہ اس خواب کے بارے میں تحریر کرتی ہیں دوسرا تاثر جو مجھے ملا وہ یہ تھا کہ ان کی شادیاں کرتے وقت نیک شوہر کو ترجیح دو خواہ وقتی تکلیف سے گزرنا پڑے۔ چنانچہ ہمارے گھر میں آسائشوں سے پلنے والی بچیاں خاندان میں واقفین سے بیاہی گئیں اور انتہائی صبر خوشی اور

وقار سے ان رشتوں کو نبھایا‘‘ (سیرت وسوانح حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ صفحہ 173)

کیسا خوبصورت پیغام ہے ہم سب کے لئے ، کہ بچوں کی شادیوں میں بھی دین کو دنیا پر مقدم رکھیں اور دیندار ساتھی کا انتخاب کریں۔ چاہے بظاہر دنیاوی اعتبار سے ایک واضح فرق نظر آرہا ہو مگر پیمانہ دنیاوی شان وشوکت نہیں بلکہ دینداری ہونا چاہیے کیونکہ کسی نے کیا خوب فرمایا ہے کہ دین کے راستہ پر چلو دنیا خود بخود پیچھے آجائے گی۔ دین کی خدمت کو اپنے آرام وسکون پر فوقیت دینے کا **ایک واقعہ حضرت مصلح موعودؓ کی زبانی سنتے ہیں آپؓ اپنی پیاری رفیقہ حیات حضرت سیّدہ مریم بیگم کے بارے میں فرماتے ہیں۔**

’’مریم ایک بہادر دل کی عورت تھیں۔ جب کوئی نازک موقعہ آتا میں یقین کے ساتھ اُن پر اعتبار کرسکتا تھا۔اُن کی نسوانی کمزوری اُس وقت دب جاتی۔ چہرہ پر استقلال اور عزم کے آثار پائے جاتے اور دیکھنے والا کہہ سکتا تھا کہ اب موت یا کامیابی کے سوا اس عورت کے سامنے تیسری کوئی چیز نہیں ہے۔ یہ مرجائے گی مگر کام سے پیچھے نہ ہٹے گی۔ضرورت کے وقت راتوں کو اس میری محبوبہ نے میرے ساتھ کام کیا ہے۔اور تھکان کی شکایت نہیں کی۔اُنہیں صرف اتنا کہنا کافی ہوتا تھا کہ یہ سلسلہ کا کام ہے یا سلسلہ کے لئے کوئی خطرہ یا بدنامی ہے اور وہ شیرنی کی طرح لپک کر کھڑی ہوجاتی تھیں اور بھول جاتیں تھیں اپنے آپ کو، بھول جاتیں کھانے پینے کو، بھول جاتیں اپنے بچوں کو۔ بلکہ بھول جاتیں تھیں مجھے بھی۔اور صرف انہیں وہ کام ہی یاد رہ جاتا اور اس کے بعد جب کام ختم ہو جاتا تو وہ ہوتیں اور گرم پانی کی بوتلیں۔ (سیرت اُم طاہر صاحبہ صفحہ 282)

دین کو دنیا پر مقدم کرتے ہوئے ماؤں نے اپنے جگر گوشے احمدیت کی راہ میں قربان کردیے اور بعض نے تو اپنی اکلوتی اولاد دین کی خاطر راہ خدا میں پیش کر دی۔ سیالکوٹ کے ایک احمدی نوجوان غلام احمد صاحب ابن مستری غلام قادر صاحب جو قادیان کی بستی کی حفاظت کے لئے سیالکوٹ سے گئے تھے۔ان کی والدہ نے ان کے نام خط لکھا۔۔۔۔ وہ لکھتی ہیں بیٹا اگر اسلام اور احمدیت کی حفاظت کے لئے تمہیں لڑنا پڑے تو کبھی پیٹھ نہ دکھانا۔اس سعادت مند خوش قسمت نوجوان نے اپنی بزرگ والدہ محترمہ حسین بی بی صاحبہ کی اس نصیحت پر اس طرح عمل کیا کہ قادیان میں احمدی عورتوں کی حفاظت کرتے ہوئے اپنی جان دے دی۔ مگر دشمن کے مقابلہ میں پیٹھ نہ دکھائی۔ مرنے سے پہلے اس نوجوان نے اپنے ایک دوست کو پاس بلایا اور اپنے آخری پیغام کے طور پر لکھوایا۔۔۔۔ مجھے اسلام اور احمدیت پر پکا یقین ہے۔ میں ایمان پر قائم جان دیتا ہوں۔ میں اپنے گھر سے اس لئے نکلا تھا کہ میں اسلام کے لئے جان دونگا۔ آپ لوگ گواہ رہیں کہ میں نے اپنا وعدہ پورا کردیا اور جس مقصد کے لئے جان دینے آیا تھا میں نے اس مقصد کے لئے جان دے دی۔ جب میں گھر سے چلا تھا تو میری ماں نے نصیحت کی تھی کہ بیٹا دیکھنا پیٹھ نہ دکھانا۔ میری ماں کو کہہ دینا کہ تمہارے بیٹے نے تمہاری نصیحت پوری کردی اور پیٹھ نہیں دکھائی اور لڑتے ہوئے مارا گیا۔ (محسنات، احمدی خواتین کی سنہری خدمات صفحہ 133)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

’’جب ہم اللہ کی عبادت کریں گے، اس کی دی ہوئی تعلیم پر عمل کریں گے تو اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق دے گا، ہمارے ایمانوں کو اس قدر مضبوط کردے گا کہ ہمیں اپنی ذات، اپنی خواہشات، اپنی اولادیں دین کے مقابلہ میں ہیچ نظر آنے لگیں گی۔ تو جب سب کچھ خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کے لئے ہوجائیگا تو ہمارا اپنا کچھ نہ رہے گا تو اللہ تعالیٰ پھر ایسے لوگوں کو ضائع نہیں کرتا۔ وہ ان کی عزتوں کی بھی حفاظت کرتا ہے، ان کی اولادوں کی بھی حفاظت کرتا ہے ان میں برکت ڈالتا ہے، ان کے مال کو بھی بڑھاتا ہے اور ان کو اپنی رحمت اور فضل کی چادر میں ہمیشہ لپیٹے رکھتا ہے اور ان کے ہر قسم کے خوف کو دُور کردیتا ہے‘‘۔

(خطبہ جمعہ 29 اگست 2003)

اللہ کرے کہ ہم اور ہماری نسلیں صحیح معنوں میں دین کو دنیا پر مقدم کرنے والی ہوں تا ہم بھی خدا کے فضلوں اور رحمتوں کے وارث بن سکیں۔ آمین ثم آمین

صحت کارنر:

مونگ پھلی کے فائدے

مونگ پھلی ہردلعزیز میوہ ہے۔سردیوں میں کھانے کا اور بھی زیادہ مزہ آتا ہے۔اس کا باقاعدہ استعمال دبلے افراد اور باڈی بلڈنگ کرنے والوں کے لیے انتہائی غذائیت بخش ہے۔اس میں قدرتی طور پر ایسے antioxidants پائے جاتے ہیں جو غذائیت کے اعتبار سے سیب، گاجر اور چقندر سے بھی زیادہ ہوتے ہیں جو کم وزن افراد سمیت باڈی بلڈنگ کرنے والوں کے لئے نہایت مفید ہے۔مونگ پھلی میں پایا جانے والا وٹامن ای E کینسر کے خلاف لڑنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔اور اس کا استعمال خون کے لئے نئے خلیات بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔کینیڈا میں کی جانے والی ایک تحقیق کے ذریعے یہ بات سننے میں آئی ہے کہ ذیابیطس کے مریض کے لئے مونگ پھلی کا استعمال نہایت مفید ہے۔اس کا باقاعدہ استعمال ذیابیطس کے مریض کے لئے بہت مفید ثابت نتائج مرتب کرسکتا ہے۔مونگ پھلی کا استعمال انسولین استعمال کرنے والے افراد کے خون میں انسولین کی سطح برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔آپ خواہ کتنی مونگ پھلی کھائے اس سے آپ کا وزن نہیں بڑھے گا۔ (مبشرہ بشارت مجلس پرنسدال)

سیب کا جوس کینسر کے علاج میں مفید

چینی ماہرین کی تحقیق کے مطابق دنیا بھر میں آنت کے کینسر کا شکار ہوکر زندگی کی بازی ہارنے والی خواتین کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔معمول کے مطابق اس مرض کے علاج کے لئے مریض کو کیموتھراپی کے تکلیف دہ عمل سے گزرنا پڑتا ہے۔ماہرین نے اپنی نئی تحقیق میں انکشاف کیا ہے کہ اس موذی مرض میں ادویات اور کیموتھراپی کے بجائے سیب کے جوس سے زیادہ فائدہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔کینسر کے دیگر مریضوں پر بھی سیب کے جوس کے مثبت اثرات دیکھے گئے ہیں۔

(جہان پاکستان 18 مارچ 2015ء) (روزنامہ الفضل صفحہ 8--23 اپریل 2015ء)

پودینہ کا تیل مختلف امراض میں سودمند

امریکی ماہرین نے کہا ہے کہ پودینہ کا تیل مختلف دردوں سے نجات، قبض اور ڈائیریا نظام ہضم کے لئے مفید ہے۔یہ جسم میں آنتوں اور دیگر عضلات کو آرام پہنچاتا ہے۔قبض میں پودینے کا قہوہ یا پانی بھی فائدہ مند ہے۔پودینہ کا تیل مختلف جلدی امراض مثلاً کیڑے کے کاٹنے سے ہونے والی الرجی، ایگزیما اور چہرے پر سوزش اور سرخ دانوں کو دور کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔علاوہ ازیں یہ منہ کے چھالے ختم کرنے میں بھی معاون ثابت ہوتا ہے۔

(روزنامہ ایکسپریس 13 مارچ 2014ء) (روزنامہ الفضل صفحہ 8---17 اپریل 2014ء)

آڑو کے فائدے

نیویارک کے طبی ماہرین کے مطابق آڑو ایک نہایت صحت بخش پھل ہے اور اس کا استعمال دل کے دورے کو کم کردیتا ہے۔اس کے استعمال سے خون میں چکنائی کی سطح کم جبکہ مدافعتی نظام محفوظ ہوتا ہے۔اور آڑو فولاد سے بھرپور ہونے کے باعث جسم میں خون کی کمی کو دُور کرتا ہے۔

(نوائے وقت 11 اپریل 2014ء) (روزنامہ الفضل صفحہ 8---17 اپریل 2014ء)

اپنے پیارے بھائی ڈاکٹر مہدی علی بشیر الدین قمر کی شہادت پر

مولیٰ کے حضور

(میرا پیارا بھائی ڈاکٹر مہدی علی بشیر الدین قمر جو کہ امریکہ سے ربوہ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں وقفِ عارضی کے لئے گیا تھا، 26 مئی 2014ءکو بہشتی مقبرہ کے گیٹ کے سامنے جب کہ وہ دعا کے لئے وہاں جا رہا تھا، شہید کر دیا گیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن)

عفیفہ نجم مجلس ستونز

تیری راہ میں دے کے نذرانۂ جاں
بلندکی ہیں مہدی نے حق کی صدائیں
باطل کا ہر سُو شور اِک بپا ہے
کر دے بلند تر حق کی صدائیں

ستاروں میں بن کے قمر ہے وہ چمکا
صداقت کی بکھرا دیں ہر سُو ضیائیں
شریروں کی ہر ایک سازش مٹا دے
تیرے پیارے بندے کہیں چین پائیں

بوندوں پہ خوں کی شہیدوں کے صدقے
اللہ کے پیاروں کے قربان جائیں
گلستانِ احمد ثمر بار ہووے
برسا دے رحمت، ردّ کر بلائیں

پیارے ہمارے جو چھِن جائیں ہم سے
صبر و رضا بس تجھ ہی سے پائیں
تُو قادر ہے کوئی تدبیر کردے
کہ رُخ پلٹیں شرّ کی کالی گھٹائیں

سَیل اِک رواں ہے جو درد و اَلم کا
ہیں پُر زور لہریں کہیں کھو نہ جائیں
صداقت کی مشعل جو روشن ہوئی ہے
بجھا نہ سکیں تند مخالف ہوائیں

ظلم اور وحشت عدّو کا ہے شیوہ
بڑھی جا رہی ہیں اس کی جفائیں
باندھا ہے تجھ سے ہی پیماں وفا کا
کبھی کم نہ ہوویں ہماری وفائیں

مُلّائیت کی ناگن ہے رقصاں
ہیں قاتل ارادے تو خونی ادائیں
گناہوں کی ہم تجھ سے مانگیں ہیں بخشش
اے ربّ الوریٰ! معاف کردے خطائیں

ردائے جہالت میں ملفوف دنیا
پڑی سو رہی ہے کیسے جگائیں
تیرے آستانہ پہ سر ہے جھکایا
سُن لے خدایا ہماری دُعائیں

اعمال صالح کی جڑ

بلقیس اختر مجلس تھوئین

اعمال صالح کی جڑ تقویٰ ہے۔ قرآن کریم میں متعدد بار تقویٰ اختیار کرنے کی نصیحت کی گئی ہے۔ **آنحضرت ﷺ** کی احادیث میں بھی تقویٰ پر عمل کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔ **تقویٰ کیا ہے؟** تقویٰ ایک ایسے راستے کا نام ہے جس پر چل کر انسان خدا تعالیٰ کا محبوب بندہ بن جا تا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا ہے: ''بلا شبہ اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔'' (الحجرات:14)

ایک اور جگہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ ایمان لانے والوں کو ان الفاظ میں نصیحت کرتا ہے:۔ ''اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کا ایسا تقویٰ اختیار کرو جیسا کہ اس کے تقویٰ کا حق ہے اور ہرگز نہ مرو مگر اس حالت میں کہ تم پورے فرماں بردار ہو۔'' (ال عمران:103)

تقویٰ پر قائم رہنے والے ہی ہمیشہ عزت والی زندگی گزارتے ہیں جیسا کہ ان احادیث میں بیان ہے۔ ''حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ **آنحضرت ﷺ** سے پوچھا گیا کہ لوگوں میں سے بہت زیادہ عزت والا کون ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا۔ لوگوں میں سے جو زیادہ متقی ہے۔'' (حدیقۃ الصالحین: صفحہ:157)

''حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ **آنحضرت ﷺ** نے ایک بار اُن کو مخاطب کر کے فرمایا! اے ابو ہریرہ تقویٰ اور پرہیز گاری اختیار کر تُو سب سے بڑا عبادت گزار بن جائے گا۔ قناعت اختیار کر تُو سب سے بڑا شکر گزار شمار ہوگا۔ جو اپنے لئے پسند کرتے ہو وہی دوسروں کے لیے پسند کرو تو صحیح مومن سمجھے جاؤ گے۔ جو تیرے پڑوس میں بستا ہے، اس سے اچھے پڑوسیوں والا سلوک کرو تو سچے اور حقیقی مسلم کہلا سکو گے۔ کم ہنسا کرو کیونکہ بہت زیادہ قہقہے لگا کر ہنسنا دل کو مُردہ بنا دیتا ہے۔'' (حدیقۃ الصالحین: صفحہ:159)



تقویٰ مومن کی ڈھال ہے اور اِس سے نیکیوں میں ترقی کرنے میں مدد ملتی ہے۔ **حضرت مسیح موعودؑ** فرماتے ہیں:۔

''قرآن شریف میں تمام احکام کی نسبت تقویٰ اور پرہیز گاری کے لئے بڑی تاکید ہے۔ وجہ یہ ہے کہ تقویٰ ہر ایک بدی سے بچنے کیلئے قوت بخشتا ہے اور ہر ایک نیکی کی طرف دوڑنے کے لئے حرکت دیتا ہے''۔ (700 احکام خداوندی صفحہ:213)

25 دسمبر 1897ء کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اپنی تقریر بر موقع جلسہ سالانہ کا آغاز ان الفاظ سے فرمایا: ''اپنی جماعت کی خیر خواہی کے لئے زیادہ ضروری بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ تقویٰ کی بابت نصیحت کی جائے۔ کیونکہ یہ بات عقلمند کے نزدیک ظاہر ہے کہ بجز تقویٰ کے اور کسی بات سے اللہ تعالیٰ راضی نہیں ہوتا۔.... ہماری جماعت کے لئے خاص کر تقویٰ کی ضرورت ہے۔ خصوصاً اس خیال سے بھی کہ وہ ایک ایسے شخص سے تعلق رکھتے ہیں اور اُس کے سلسلۂ بیعت میں ہیں جس کا دعویٰ ماموریت کا ہے تا وہ لوگ جو خواہ کسی قسم کے بغضوں، کینوں یا شرکوں میں مبتلا تھے یا کیسے ہی رُو بہ دُنیا تھے اُن تمام آفات سے نجات پاویں۔'' (ملفوظات جلد اوّل صفحہ:10)

ایک اور جگہ فرمایا: ''تقویٰ اختیار کرو۔ تقویٰ ہر چیز کی جڑ ہے۔ تقویٰ کے معنی ہیں ہر ایک باریک در باریک گناہ سے بچنا۔ تقویٰ اس کو کہتے ہیں کہ جس امر میں بدی کا شُبہ بھی ہو اس سے بھی کنارہ کرے۔'' (ملفوظات جلد دوم صفحہ:321)

ہر اک نیکی کی جڑ یہ اتقاء ہے　　　**اگر یہ جڑ رہی تو سب کچھ رہا ہے**

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ فرماتے ہیں:

''میں نے غور کیا تو معلوم ہوا کہ تقویٰ کی جڑ نیتوں پر ہوتی ہے اور اس پر میرا ذہن حضرت اقدس محمد مصطفی ﷺ کی اس حدیث کی طرف چلا گیا جس کا آغاز



اس طرح ہوتا ہے کہ **اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ**۔(بخاری کتاب الایمان حدیث:۱) تمام اعمال کی بنیاد نیتوں پر ہے۔ یہ درحقیقت ایک ہی مضمون ہے لیکن طرز بیان مختلف ہے، اظہار مختلف لفظوں میں ہوا ہے لیکن بعینہٖ ایک ہی مضمون ہے جو بیان ہو رہا ہے۔ ہر انسان کے ہر عمل کی جڑ اس کی نیت میں ہوتی ہے پس اگر وہ جڑ تقویٰ ہو تو اس کے اعمال کی تمام تر عمارت خواہ وہ ثریا تک جا پہنچے وہ خدا کے حضور مقبول اور حسین ہوگی۔‘‘

(خطبات طاہر جلد10 صفحہ 646)

حضرت خلیفۃ المسیح الاولؓ فرماتے ہیں: متقی کے لئے درجِ ذیل باتیں ضروری ہیں:



اوّل:۔’’ ہر ایک کام جب کرو، اُٹھتے، بیٹھتے، چلتے، پھرتے، دشمنی میں، دوستی میں، عداوت اور محبت میں مقدمہ ہو یا صلح۔ غرض ہر حالت میں یہ امر خوب ذہن نشین رکھو کہ نہیں معلوم موت کی گھڑی کس وقت آجاوے۔ وہ کون سا وقت ہوگا جب دُنیا سے اُٹھ جائیں گے اور اس وقت ماں، باپ، بیوی، بچے، دوست، یار، کنبے کے بڑے، ہمدردی کا دم بھرنے والے انسان، مال، دولت، غرض کوئی چیز نہ ہوگی جو اس وقت ساتھ دے سکے۔ اس وقت اگر کوئی چیز ساتھ جاسکے گی تو وہ وہی انسان کا عمل ہوگا خواہ اچھا ہو، خواہ برا ہو اور جیسا عمل ہوگا ویسا ہی اس کا پھل ملے گا۔‘‘

دوم:۔’’ متقی کے لئے ضروری ہے کہ اس کا ایمان سچا ہو اور اس کے عقائد نیک ہوں اور پھر اس پر اعمال نیک ہوں۔‘‘ (خطبات نور: صفحہ:2)



حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ فرماتے ہیں: ’’اسلام کی اصطلاح میں تقویٰ کے معنی یہ ہیں کہ انسان اپنے نفس کی اس رنگ میں حفاظت کرے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی مول نہ لینے والا ہو بلکہ خدا تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنے والا ہو۔ اس کا ’’کرنا‘‘ اور اس کا ’’ترک کرنا‘‘ ہر دو اس بات پر منحصر ہوں کہ آیا اس چیز کے کرنے سے میرا ربّ راضی ہوگا۔ آیا اس چیز کو ترک کر دینے کے نتیجہ میں میں اپنے مولیٰ اور اپنے پیدا کرنے والے کی محبت حاصل کرلوں گا۔ اگر اس کا علم اس کی فراست اس کو یہ کہے کہ اگر تم نے یہ چیز چھوڑ دی تو تمہارا پیدا کرنے والا تم سے خوش ہو جائے گا۔ اگر تم نے ان باتوں کو اختیار کیا تو اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرنے لگے گا تو وہ اسے کرنے لگ جائے گا یا ترک کر دے گا۔‘‘ (خطبات ناصر جلد اوّل صفحہ:519)

متقی کی تعریف کے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ فرماتے ہیں: ’’اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ متقی وہ ہے کہ ہم خواہ کتنے ہی غیب میں ہوں ہم پر اس کا ایمان کامل رہتا ہے اور پھر اور چیزیں غیب میں ہیں، ان پر ایمان لاتا ہے۔ اس کے دل میں کھوٹ نہیں ہوتا۔ پھر وہ نمازوں کو قائم کرتا ہے یہ تو اپنے خالق سے تعلقات کی نسبت فرمایا۔ دوسرا تعلق مخلوق سے ہے۔ سو اس کے لئے ارشاد ہوتا ہے کہ جو کچھ اللہ نے اس کو دیا ہے وہ اس میں سے خرچ کرتا ہے۔ جس شخص کے مخلوق سے تعلقات عمدہ نہیں اس کے تعلقات اپنے خالق سے بھی اچھے نہیں رہ سکتے اس لئے قرآن مجید نے دونوں طرفوں کو لیا ہے۔‘‘

(ماخوذ از Alislam.org خطبات محمود۔ جلد۔23.01.1914 to19.01.1915)

ایک واقعہ بیان کرتی ہوں **حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:** ’’کہ حضرت داؤدؑ فرماتے ہیں کہ میں بچہ تھا، جوان

ہوا، جوانی سے اب بڑھاپا آیا مگر میں نے کبھی کسی متقی اور خداترس کو بھیک مانگتے نہیں دیکھا اور نہ اس کی اولاد کو در بدر دھکے کھاتے اور ٹکڑے مانگتے دیکھا۔ یہ بالکل سچ اور راست ہے کہ خدا تعالیٰ اپنے بندوں کو ضائع نہیں کرتا اور ان کو دوسروں کے آگے ہاتھ پسارنے سے محفوظ رکھتا ہے۔ میرا تو یہ اعتقاد ہے کہ اگر ایک آدمی باخدا اور سچا متقی ہو تو اس کی سات پشت تک بھی خدا رحمت اور برکت کا ہاتھ رکھتا اور ان کی خود حفاظت فرماتا ہے۔''

(ماخوذ از Alislam.org ملفوظات جلد 5 صفحہ 233-235)



حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں: ''تقویٰ پر چلنا اپنے اعمال کی اصلاح کرنا، اپنے ایمان کے معیار کو بلند کرنا، یہ باتیں کوئی معمولی باتیں نہیں ہیں۔ ہم نے زمانے کے امام کو مانا ہے تو اُس کی توقعات پر پورا اُترنے کے لیے ہمیں پوری طرح سعی و کوشش کرنی چاہئے۔ ہر چھوٹی سے چھوٹی نیکی کو ہمیں انجام دینے کی کوشش کرنی چاہئے اور ہر بدی سے ہمیں مکمل طور پر نفرت کا اظہار کرنا چاہئے۔ (خطبہ جمعہ 7.02.14 از مصباح اگست 2014 صفحہ 23)

زندگی کے اہم معاملات میں ایک معاملہ شادی ہے جس سے آگے نسلیں چلتی ہیں اس معاملے میں تقویٰ اختیار کرنا لازمی ہے کیونکہ نکاح کے موقع پر جن آیات کی تلاوت کی جاتی ہے ان میں پانچ بار تقویٰ اختیار کرنے کا حکم ہے۔ کیونکہ یہ اعمال صالح کی جڑ ہے اگر جڑ ہی کمزور اور تقویٰ سے دُور ہوگی تو سوچیں پھل کیسا ہوگا۔ اور کیسی نسلیں وجود میں آئیں گی۔ سوچنے کا مقام ہے اور لمحہ فکریہ بھی۔

سنو ہے حاصلِ اِسلام تقویٰ   خُدا کا عشق مے اور جام تقویٰ

(از درثمین)

سچائی کی روح:

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

رسول کریم ﷺ نے دنیا میں آکر کوئی توپیں اور مشین گنیں ایجاد نہیں کی تھیں، بینک جاری نہیں کیے تھے یا صنعت و حرفت کی مشینیں ایجاد نہیں کی تھیں۔ پھر وہ کیا چیز تھی جو آپ ﷺ نے دنیا کو دی اور جس کی حفاظت آپ ﷺ کے ماننے والوں کے ذمہ تھی۔ وہ سچائی کی روح اور اخلاقِ فاضلہ تھے۔ یہ پہلے مفقود تھی۔ آپ ﷺ نے پہلے اُسے کمایا اور پھر یہ خزانہ دنیا کو دیا۔ اور صحابہ اور ان کی اولادوں اور پھر ان کی اولادوں کے ذمہ یہی کام تھا کہ ان چیزوں کی حفاظت کریں۔ (روزنامہ الفضل 15 جنوری 2014ء)

رشتے داریاں نبھانا

اسلامی اور مشرقی معاشرے کا ایک خوبصورت عمل

نبیلہ رفیق۔ مجلس درامن

رشتے داروں سے حسنِ سلوک اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت سے حسین اعمال میں سے ایک حسین عمل ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو اپنے کلام میں مختلف انداز سے سمجھایا ہے۔اسلامی اخلاق میں اسے صلہ رحمی کا نام دیا گیا ہے۔

برِّصغیر پاک و ہند کے معاشرے میں جہاں ہمیں بہت سی خامیاں اور خرابیاں نظر آتی ہیں۔جنہیں ہم گاہے بگاہے صورتِ حال کے مطابق دُہرا دُہرا کر اپنے معاشرے اور اپنی تہذیب کو کوستے رہتے ہیں کبھی ان کا مذاق بناتے ہیں تو کبھی ان پر افسوس کرتے ہیں۔اور پھر اسی پر ہی بس نہیں کرتے بلکہ اپنی عادات کا مغربی لوگوں کی عادات سے خوب مقابلہ کرتے رہتے ہیں۔**مگر یقین جانیں ایسا ہرگز نہیں کہ ہمارے ہاں سب کچھ غلط ہی ہوتا تھا۔**اور جنوبی ہند کی مٹی میں صرف غلط اقدار یا محض بھونڈی روایات ہی چلتی تھیں اور جنوبی ہند کے لوگ صرف رشتے داریوں میں ہی اُلجھے ہوئے ہوتے تھے۔ہمارے ہاں رشتوں کی نزاکتوں کو سنبھالنے کے لئے بڑی جدو جہد کی جاتی ہے۔دراصل جسے ہم مشرقی معاشرہ کہتے ہیں۔اس میں ہم اپنی برادری، رشتے داری، روایات اور رواج کے بندھن میں بندھے ہوتے ہیں جہاں ہمیں اپنے اِرد گرد مختلف نظروں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔یہ ایسی نظریں ہوتی ہیں جن کے فائدے اور نقصانات ساتھ ساتھ چل رہے ہوتے ہیں۔ہمارے خطّے میں بسنے والوں کی عادات وخصائل میں محض مشرقی تہذیب اور تمدّن ہی نہیں کام کرتا بلکہ ہمارے ہر فعل ہماری ہر عادت میں ارادی ہو یا غیر ارادی، چاہتے ہوئے یا نہ چاہتے ہوئے ہر صورت میں مذہب کا دخل موجود ہوتا ہے۔۔۔مشاہدہ یہ کہتا ہے کہ ہمارے ہاں کا متوسط طبقہ تو ہر لحظہ مذہب اور اپنے اردگرد کے ماحول (معاشرہ) کے زیرِ سایہ چلتا ہے۔

ہمارے ہاں رشتوں کی بڑی اہمیت ہے اور رشتے داروں کے بغیر ہمارا پل نہیں گزرتا، اور جہاں اتنا زیادہ ایک دوسرے کے ساتھ تعلق ہوگا وہاں برتن تو ضرور ٹکرائیں گے۔معمولی، یا غیر معمولی نوعیت کی ناراضگیاں تو ہوتی ہی رہتی ہیں۔زمین، جائیداد، رشتوں کی آپس کی جوڑ توڑ، وٹّے سٹّے کے مسائل، کاروبار کی سانجھے داری کے اختلافات ہونا عام بات ہے۔

بعض اوقات یہ اختلافات بڑھتے بڑھتے بہت آگے بڑھ جاتے ہیں اتنے کہ آپس میں مکمل بائیکاٹ ہو جاتا ہے۔جب دو خاندانوں میں آپس میں ناراضگی ہوتی ہے تو ایک دوسرے سے کبھی نہ ملنے کی قسمیں کھائی جاتی ہیں ایک دوسرے کو مرنے پر اپنا چہرہ بھی نہ دکھانے کے وصیت نامے لکھے جاتے ہیں۔

مگر مجھے یہاں یہ کہنے میں کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہیں ہو رہی کہ ماسوا گنتی کے سخت دل لوگوں کے جن کی تعداد ایک فیصد بھی نہیں بنتی ایسے لوگوں کی ہے کہ جونہی ناراض رشتے دار کے گھر میں کوئی بیماری آجائے، کوئی کسی حادثے کے نتیجے میں ہسپتال پہنچ جائے تو سارا غصّہ ساری غیرت جھاگ بن جاتی ہے۔غصے میں کئے ہوئے عہد و پیمان ہوا ہو جاتے ہیں اور چھوٹے بڑے سب ناراضگی بھول بھال کر بھاگم بھاگ اپنے خون کی محبت میں مریض کا حال پوچھنے چل پڑتے ہیں۔بیمار پرُسی میں تو بات ذرا گھمبیر ہوتی ہے۔مگر شادی بیاہ کے موقعہ پر بھی اسی قسم کے نظارے دیکھنے کو ملتے ہیں۔بظاہر خوشی کی تقریب میں ناراض خاندان کا شامل ہونا محال نظر آرہا ہوتا ہے۔لیکن یہاں بھی خدا خوفی رکھنے والے لوگ صلہ رحمی اور موقعہ کے مطابق عمل کرتے نظر آتے ہیں۔پہلی ذمّہ داری اُس فریق کی ہوتی ہے جس کے گھر میں تقریب ہو رہی ہوتی ہے۔وہ خاندان اپنا فرض سمجھتا ہے کہ کسی طریقے سے مخالف ناراض خاندان کو راضی کر لیا جائے۔بعض اوقات خاندان یا محلے والے بزرگ موقعہ دیکھ کر خود صلح کی پیشکش کرتے ہیں۔ہمارے ہاں یہ بھی رواج ہے کہ بیٹی کی شادی پر تو جتنا بھی اختلاف ہو رشتے دار خود ہی بلائے بغیر شادی سے پہلے جا کر تحائف دے آتے ہیں اور بلاوہ آنے پر بیٹی کو رُخصت کرنے ضرور آتے ہیں اور بیٹے کی شادی پر

توقع رکھی جاتی ہے کہ بیٹے کے گھر والے ضرورانہیں گھر آ کر راضی کریں اُن سے صلح کریں اور بلاوہ دیں اور جونہی بلاوہ آتا ہے ایک دوسرے کو کبھی نہ دیکھنے کی قسمیں کھانے والے رشتے دار آخر سب کچھ بھول بھال کر شادی میں شرکت کرنے چل پڑتے ہیں۔

ہر معاملے کی نوعیت ایک جیسی نہیں ہوتی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ فریقین میں شدید اختلاف ہوتا ہے۔نہ گھر والے کا دل چاہتا ہے ناراض عزیز کو دعوت دے اور نہ ناراض عزیز ہی کی مرضی ہوتی ہے کہ ان پر بلاوے کا بوجھ پڑے اور انہیں جانا پڑے۔مگر خاندانی لوگوں کو اپنے خاندان کا وقار بہت عزیز ہوتا ہے لہٰذا ایسے مواقع پر لوگ اپنے جذبات کو دباتے ہوئے اپنے اوپر جبر کر کے کبھی محض اپنے بچوں کی خوشی کی خاطر اور کبھی دُنیاداری کی خاطر کہ دوسرے عزیز رشتے دار کیا کہیں گے۔اگر ہم شادی میں شریک نہ ہوئے تو جس کو ہماری ناراضگی کا علم نہیں اسے بھی ہو جائے گا اور محض جگ ہنسائی ہوگی اور بچّے کیا اثر لیں گے۔ ایسے مواقع پر مختلف قسم کے مشاہدات دیکھنے میں آتے ہیں مثلاً اگر بڑے ناراض ہیں تو بچے اس ناراضگی سے بالکل دُور ہوتے ہیں دونوں گھروں کے بچے آپس میں معمول کے مطابق ملتے ہیں۔ بلکہ خاندان کے بزرگ بھی رواداری کا اظہار اس انداز سے کرتے ہیں کہ اگر اس چپقلش کو مٹا نہ سکیں تو یہی اظہار کرتے ہیں کہ ان کا دونوں فریقوں سے ایک جیسا تعلق ہے چونکہ ہمارے مذہب اور ہماری معاشرتی اقدار نے ہمیں بزرگوں کا احترام کرنا سکھایا ہے اس لئے دلوں میں میل آنے کے باوجود ایک طرف اگر بزرگ سب کچھ بھلا کر اپنے بڑے پن کا ثبوت دیتے ہیں تو دوسری طرف دیگر خاندان یا محلے والے بھی اُن کو برابر کی عزت دیتے ہیں۔جس سے تقریبات کے مواقع پر بزرگان اور بچے دونوں خاندانوں کو ملانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔اس طرح مکمل صلح کی صورت نکل آتی ہے۔

ہمارے ہاں کے بزرگوں کا تو کام ہی خاندان اور محلے کے نوجوانوں کو معاشرے میں صلح اور صفائی سے رہنے کی تلقین کرنا ہوتا ہے۔ہم نے اپنے بڑوں سے یہی سیکھا ہے کہ بزرگ رحمت بھی ہیں اور نعمت بھی۔ان کے دم سے نوجوان بہت سی خرابیوں سے بچے رہتے ہیں بشرطیکہ نوجوان ان کا احترام کرتے ہوں۔

مختصر یہ کہ ہم مشرقی لوگ جو خاندانوں کے ساتھ مل کر رہنے والے لوگ ہیں۔ان کی زندگی کی گاڑی خاندان سے جُدا ہو کر نہیں چل سکتی اور نہ ہی چلنی چاہئے۔اگر ہم نے اپنے دلوں میں خونی رشتے کی اتنی زیادہ نفرت رکھنا ہے کہ کسی کی غمی خوشی میں بھی شریک نہیں ہوا جا رہا تو پھر میری حقیر رائے میں ہم نے اسلام سے کچھ بھی نہیں سیکھا۔خدانخواستہ ہمارے خاندانی جھگڑے کون سے عربوں کے زمانہ جاہلیت کی لڑائیوں کی طرح ہیں جو کئی کئی برس پر محیط ہو جائیں۔ چاہے دُنیاداری ہی ہو مگر غمی وخوشی کے موقعہ پر ملنا ایک بہانہ بن جاتا ہے اور بن جانا بھی چاہئے۔

آج کل کے مغربی ماحول میں پلنے والے ہمارے بچے جنہیں ہم ہی یہاں لے کر آئے ہیں۔انہوں نے مغربی معاشرے کو ان ممالک کے باشندوں اور ماحول سے پرکھا ہے۔مگر مشرقی ماحول کو یہ اپنے والدین کے اخلاق اُن کے روّیوں اور اُن کے رشتے داری کے تعلقات سے پرکھیں گے۔ہم بہت خوشی اور فخر سے کہہ رہے ہوتے ہیں کہ یہاں کے بچے (یعنی ہمارے وہ بچے جو مغرب میں رہ رہے ہیں) بہت سچے ہوتے ہیں ہر بات صاف صاف منہ پر کہہ دیتے ہیں۔اگر یہ سچ ہے تو ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ ایک دن یہ سچائی ہمارے گلے پڑے گی، ہمارے سچے بچے ہمیں یہ کہہ رہے ہونگے کہ آپ نے خود تو فلاں فلاں رشتے دار کے ساتھ ہمیشہ ہی ناراضگی رکھی کبھی اُن کی غمی خوشی میں شریک نہیں ہوئے۔ہم کیوں رشتے داروں سے رشتے داریاں نبھائیں؟ ہم ایک گھر سے ناراض ہونگے ہمارے بچے چار گھروں سے ناراض ہونگے کیونکہ انہوں نے تو رشتے داری کا بھرم رکھنا سیکھا ہی نہیں ہوگا۔اللہ تعالیٰ ہم پر رحم کرے اور ہمیں حدیث کے اس فرمان کے مطابق جو حضرت انسؓ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضورﷺ سے سنا ہے کہ ”جو شخص رزق کی فراوانی چاہتا ہے یا خواہش رکھتا ہے کہ اس کی عمر اور ذکرِ خیر زیادہ ہو اُسے صلہ رحمی کا خُلق اختیار کرنا چاہئے۔یعنی اپنے رشتے داروں سے بنا کر رکھنی چاہئے۔“

(حدیقۃ الصالحین صفحہ 423)

اردو سیکھیں

الفاظ کو جوڑ کر لکھیں:

س ت ا روں ----------- س ی ک ی ھ ی ں ------------- وال دی ن -------------

م خ ت ل ف ----------- ن وج وان وں ------------- م خ ص وص -------------

ع ب ا دت ----------- ب ن دوں ------------- م ض م ون -------------

---

جملے بنائیں:

بلی --

دوست --

موسم --

ہمسائے --

مسجد --

واحد کے جمع لکھیں:

کہانی		جوتا		گیند	
ہمسایہ		چیز		کشتی	
چوڑی		سوار		پنسل	
کھلونا		موج		پرندہ	

اُلٹ معنی والے الفاظ کو لکیر کے ذریعہ ملایئے:

چھوٹا	جواب	چڑھنا	ہلکا
بہادر	تیز	دشمن	یادرکھنا
سفید	بڑا	بڑی	دوست
سوال	کالا	بھاری	اُترنا
آہستہ	ڈرپوک	بھولنا	چھوٹی

آپ دن رات میں پڑھی جانے والی پانچوں نمازوں کے نام ترتیب سے لکھیے۔

1----------------- 2-------------------- 3----------------------

4----------------- 5--------------------

تحریک وقف نو کے متعلق تفصیلی ہدایات

(ڈاکٹر شمیم احمد، انچارج شعبہ وقفِ نو مرکزیہ لنڈن)

جو احباب اپنے بچوں کو تحریک وقفِ نو میں شامل کرنا چاہتے ہوں یا ان کے بچے پہلے سے شامل ہوں ان کی اطلاع اور رہنمائی کے لئے مندرجہ ذیل تفصیلی ہدایات شائع کی جارہی ہیں۔

(1)...تحریک وقفِ نو میں شمولیت کے لئے لازمی ہے کہ بچوں کی ولادت سے قبل والدین خود سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمتِ اقدس میں تحریری طور پر وقف کی درخواست بھجوائیں کہ وہ اپنے ہونے والے بچے کو وقف کے لئے پیش کرنا چاہتے ہیں۔

(2)...بعض احباب اپنے رشتہ داروں، عزیزوں یا دوستوں کے بچوں کے وقف کے متعلق درخواست بھجواتے ہیں کہ وہ فلاں کو وقف کرنا چاہتے ہیں لیکن یہ ذکر نہیں ہوتا کہ آیا والدین کی بھی خواہش ہے کہ نہیں۔ درست طریق یہ ہے کہ وقف کی درخواست والدین خود بھجوائیں۔ اگر خود خط نہ لکھ سکتے ہوں یعنی ان پڑھ ہوں تو بھی درخواست والدین کی طرف سے ہونی چاہئے۔ زندگی کا وقف کرنا ایک سنجیدہ معاملہ ہے اس لئے کسی اور کی طرف سے درخواست پر کوئی کارروائی نہیں کی جاتی اور یہی جواب دیا جاتا ہے کہ والدین خود لکھیں۔

(3)...بعض والدین سمجھتے ہیں کہ وقف کے لئے مقامی جماعت میں اطلاع کرنا کافی ہے جبکہ وقفِ نو میں شمولیت کے لئے لازمی ہے کہ والدین خوب سوچ سمجھ کر دعاؤں سے کام لیتے ہوئے فیصلہ کرنے کے بعد سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمتِ اقدس میں خود تحریری طور پر وقف کی درخواست بھجوائیں۔ جو احباب اپنی مقامی جماعتوں میں اندراج کرواتے ہیں اور مرکز کو اطلاع نہیں کرتے ان کے بچوں کو وقفِ نو میں شامل نہیں کیا جاتا۔

(4)...مقامی، ضلعی اور نیشنل سیکرٹریان وقفِ نو کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ بچوں کو اس وقت تک اپنی وقفِ نَو کی فہرست میں شامل نہ کیا کریں جب تک والدین ان کو وکالت وقفِ نو یا شعبہ وقفِ نو مرکزیہ لندن کی طرف سے منظوری اور حوالہ نمبر کا خط نہ دیں۔ ہر بچے اور ان کی فیملی کے لئے ایک مخصوص نمبر الاٹ کیا جاتا ہے۔ سیکرٹریان اس بات کا ضرور خیال رکھیں کہ محض اس بات پر بچے وقفِ نو میں شامل نہیں ہوتے کہ والدین نے کبھی خط لکھ دیا تھا اس لئے لازمی ہے کہ بچہ وقف میں شامل ہو گیا ہے۔

(5)...درخواست بھجواتے وقت بعض احباب مکمل کوائف درج نہیں فرماتے اور بعض صورتوں میں پتہ حتیٰ کہ شہر یا ملک کا نام بھی نہیں لکھا ہوتا جس کی وجہ سے ایسے خطوط پر کارروائی کرنا ممکن نہیں ہوتا۔

اگر شہر یا ملک کا نام لکھا ہوا ہو تو جواب بتوسط امیر صاحب یا مشن ہاؤس بھجوایا جاتا ہے جس میں کافی دیر لگ جاتی ہے۔ اس وقت شعبہ وقفِ نو کے پاس بہت سے ایسے خطوط پڑے ہوئے ہیں جن پر کوئی پتہ درج نہ ہونے کی وجہ سے کارروائی نہیں کی جاسکی۔ بعض احباب ایسے بھی ہیں جو چار چار خطوط لکھتے ہیں مگر کسی خط پر بھی پتہ نہیں لکھتے اور ہر خط میں یہ شکایت ضرور لکھتے ہیں کہ انہیں جواب نہیں دیا گیا۔ اس ضمن یہ بھی گزارش ہے کہ لفافہ کے باہر پتہ لکھنے کی بجائے اندر خط پر پتہ تحریر کرنا زیادہ مناسب ہے۔

(6)...بعض احباب لکھتے ہیں کہ انہیں جواب نہیں ملا یا انہیں حوالہ نمبر وقفِ نو نہیں بھجوایا گیا۔ ایسے احباب کی اطلاع کے لئے عرض ہے کہ بعض شہروں اور ملکوں میں ڈاک کی خرابی کی وجہ سے خطوط یہاں نہیں پہنچتے یا یہاں سے بھجوائے ہوئے خطوط انہیں موصول نہیں ہو پاتے۔ بعض احباب کو چار چار دفعہ جواب دیں تب ان تک پہنچ پاتا ہے۔ وقف کا خط لکھنے کے بعد یا فارم بھجوانے کے بعد آپ کا پتہ تبدیل ہو جائے یا ایک ملک سے دوسرے ملک چلے جائیں تو لازمی طور پر شعبہ وقفِ نو کو اطلاع دیں ورنہ جواب آپ کے گزشتہ پتہ پر چلا جائے گا اور آپ کو نہیں ملے گا۔

ربوہ کے احباب کی خدمت میں گذارش ہے کہ وہ اپنے دفاتر یا بیوت الحمد کا پتہ لکھنے کی بجائے گھر کا پتہ درج فرمایا کریں تا کہ انہیں براہ راست گھر کے پتہ پر جواب بھجوایا جاسکے۔ بعض عہدیداران صرف اپنا عہدہ لکھنا کافی سمجھتے ہیں اور اکثر مربیان اپنا پتہ لکھنے کی بجائے صرف مربی سلسلہ لکھ دیتے ہیں جو کافی نہیں۔ ایسے خطوط پر کارروائی ممکن نہیں۔

(7)...وقف کی درخواست کے ساتھ مندرجہ ذیل کوائف ضرور بھجوائے جائیں:

(ا).....بچہ/ بچی کے والد کا نام

(ب)...بچہ/ بچی کی والدہ کا نام

(پ)...بچہ/ بچی کے دادا کا نام

(ت)...گھر کا مکمل پتہ بمعہ ملک کا نام جس پر جواب بھجوایا جاسکے۔

(ج)…خط میں اپنے گھر کا ٹیلیفون نمبر یا موبائل ٹیلیفون نمبر ضرور درج کریں۔ پاکستان کے جو احباب اپنا ٹیلیفون نمبر درج کرتے ہیں انہیں شعبہ وقفِ نو کی طرف سے فون کر دیا جاتا ہے کہ ان کا خط موصول ہو گیا ہے اور کب تک انہیں کاغذات مل جائیں گے۔

بہت کم والدین ہیں جو خط پر تاریخ درج کرتے ہیں جس سے پتہ نہیں چلتا کہ کب فیکس کیا تھا یا خط لکھا تھا۔ اس لئے درخواست ہے کہ لازمی طور پر خط لکھنے کی تاریخ ضرور درج کی جائے۔

یہ بھی درخواست ہے کہ ناموں کو احتیاط سے لکھا جانا چاہئے اور ہمیشہ ایک طرح نام لکھنا چاہئے کیونکہ کمپیوٹر بدلتے ہوئے ناموں میں فرق نہیں کر سکتا جس سے غلطی اور تکرار کا امکان پیدا ہو جاتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر کسی کا نام عبد الماجد طاہر ہے تو اسے صرف ماجد یا طاہر نہیں لکھنا چاہئے۔ یورپ میں رہنے والوں کی خدمت میں خاص طور درخواست ہے کہ اپنا نام بہت احتیاط سے لکھا کریں اور ویسے لکھا کریں جس طرح پاکستان میں لکھا کرتے تھے۔ مثال کے طور پر اگر کسی کا نام چوہدری رشید احمد آصف ہے تو اسے آصف چوہدری احمد رشید نہیں لکھنا چاہئے۔

(8)…جو احباب اپنے خطوط اپنی مقامی جماعتوں میں جمع کروا دیتے ہیں یا بتوسط پرائیویٹ سیکرٹری ربوہ بھجواتے ہیں انہیں نوٹ کر لینا چاہئے کہ ان کے خطوط لندن دستی ڈاک سے آتے ہیں۔ بعض اوقات ایسے خطوط بہت تاخیر (کم از کم 6 ماہ کی تاخیر) سے شعبہ وقفِ نو کو موصول ہوتے ہیں ان کے جواب میں اسی نسبت سے تاخیر ہوتی ہے اور پھر یہ بات شکایات کا موجب بنتی ہے۔ درخواست ہے کہ وقفِ نو کے بارہ میں لکھے ہوئے خطوط مقامی جماعتوں میں جمع نہ کرائے جائیں اور نہ ہی ربوہ کے پتہ پر خط ارسال کئے جائیں۔

پاکستان کے احباب کو یہ بات لازمی طور پر نوٹ کرنی چاہئے کہ پاکستان کی ڈاک بعض مجبوریوں کی بناء پر براہ راست پوسٹ نہیں کی جا سکتی۔ سارے پاکستان کی ڈاک مقامی سیکرٹریان کے توسط سے تقسیم کی جاتی ہے جس میں بعض جماعتوں میں تاخیر بھی ہو جاتی ہے۔ اس لئے بہتر ہوگا کہ اپنی مقامی جماعت کے مرکز سے یا سیکرٹری وقفِ نو سے رابطہ رکھیں۔ بعض والدین اپنی مقامی جماعتوں سے پتہ کرنے کی بجائے لندن شکایت کا خط لکھ دیتے ہیں اس لئے لازمی ہے کہ پہلے اپنی مقامی جماعت سے رابطہ کریں۔ اگر وہاں بھی نہ ملے تو پھر انچارج شعبہ وقفِ نو لندن سے رابطہ کیا جائے۔

(9)…بعض احباب فیکس کے ذریعہ وقفِ نو کے فارم بھجوائے جانے کی درخواست کرتے ہیں اور فیکس نمبر درج نہیں کرتے ہیں اور نہ ہی اپنا پتہ درج فرماتے ہیں۔ ایسے احباب کی خدمت میں عرض ہے کہ پتہ درج نہ ہونے کی وجہ سے ایسے خطوط پر کارروائی نہیں کی جا سکتی۔

جو احباب فیکس کے ذریعہ وقف کی درخواست بھجواتے ہیں ان کی خدمت میں عرض ہے کہ مضمون کے چاروں طرف کم از کم ایک انچ کا حاشیہ ضرور چھوڑا کریں۔ اگر ایسا نہ کیا جائے تو احتمال ہے کہ فیکس میں پتہ پرنٹ ہونے سے رہ جائے۔ پتہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے جواب نہیں دیا جا سکتا۔

(10)…بعض احباب وقف کا خط لکھتے وقت اسی خط میں بہت سی اور باتیں درج کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے ان کا خط مختلف شعبوں سے ہوتا ہوا بہت دیر کے بعد شعبہ وقفِ نو کو موصول ہوتا ہے۔ وقف کی درخواست مختصر لکھیں تو بہتر ہے اور اگر جواب جلدی چاہتے ہوں تو وقف کی درخواست میں دیگر امور کا ذکر نہ کیا کریں۔

(11) شعبہ وقفِ نو کی طرف سے جو حوالہ نمبر بھجوایا جاتا ہے اسے سنبھال کر رکھا جانا چاہئے ایک فائل بنا کر محفوظ کیا جانا چاہئے۔ بعض احباب حوالہ نمبر وقفِ نو کے لئے صرف یہ لکھ دیتے ہیں کہ ان کے یا فلاں عزیز کے بچے کا حوالہ نمبر بھجوا دیا جائے مگر کسی قسم کے کوائف درج نہیں کرتے۔ بغیر معین کوائف کے ہزارہا بچوں میں سے ملتے جلتے ناموں کی وجہ سے حوالہ نمبر بھجوانا ممکن نہیں۔ اس لئے انہیں لکھنا پڑتا ہے کہ کوائف مکمل کریں تاکہ حوالہ نمبر تلاش کیا جا سکے جس سے خط و کتابت کام بڑھ جاتا ہے اور تاخیر بھی ہوتی ہے۔

حوالہ نمبر کے حصول کے ضمن میں یہ بھی درخواست ہے کہ حوالہ نمبر کے لئے براہ راست اور صرف انچارج شعبہ وقفِ نو مرکزیہ لندن کو لکھا جائے کیونکہ حوالہ نمبر وقفِ نو لندن سے جاری کیا جاتا ہے۔ بعض احباب امراء، مربیان یا دیگر دفاتر سے رابطہ کرتے ہیں۔ حوالہ نمبر کے لئے مکمل تفصیلی کوائف کے ساتھ انچارج شعبہ وقفِ نو کو لکھا جانا چاہئے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حوالہ نمبر پہلے سے ہی بھجوایا جا چکا ہو۔

جو والدین لندن سے ارسال کردہ فارم واپس نہیں بھجواتے انہیں یاد دہانی کا فارم بھجوایا جاتا ہے اگر وہ فارم بھی واپس نہ آئے اور بچے کی عمر بڑی ہو چکی ہو تو اس وقت بچوں کو وقفِ نو میں شامل نہیں کیا جا سکتا۔ یہ بھی نوٹ کر لیا جانا چاہئے کہ محض خط و کتابت کی بنیاد پر بچوں کو وقفِ نو میں شامل نہیں کیا جاتا۔ شمولیت کے لئے لازمی ہے کہ فارم واپس بھجوایا جائے تاکہ حوالہ نمبر الاٹ کیا جائے جس کے بعد بچے وقف میں شمار ہو سکتے ہیں۔

(12)…وقفِ نو میں منظوری کے بعد والدین کو چاہئے کہ وہ اپنی مقامی جماعت کے سیکرٹری وقفِ نو سے رابطہ کر کے انہیں اپنے کوائف سے آگاہ کر کے وقفِ نو کے پروگراموں میں شمولیت اختیار کریں۔

(13)…وقفِ نو کے ضمن میں بہت سا لٹریچر نصاب وقفِ نو، خطبات وقفِ نو، اُردو کے قاعدہ جات وغیرہ شائع ہو چکے ہیں۔ انہیں اپنی مقامی جماعت یا مرکزی جماعت سے حاصل کر کے ان کا مطالعہ کریں اور جو ہدایات ہیں ان پر عمل کیا جائے۔ یہ کتب اپنی مقامی جماعت کے سیکرٹری وقفِ نو سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ نیشنل سیکرٹریان یہ کتب اپنے ملکی نظام کے تحت ایڈیشنل وکالت اشاعت (ترسیل) لنڈن کے توسط سے منگوا سکتے ہیں۔

(14)... پتہ تبدیل ہونے کی صورت میں نہائت ضروری ہے کہ شعبہ وقف نو مرکزیہ لندن کو اپنے نئے پتہ سے آگاہ کیا جائے۔ بعض احباب کئی کئی سال تک اپنے پتہ کی تبدیلی سے آگاہ نہیں کرتے۔ اگر وقف نو کا فارم پُر کرنے کے بعد سے آپ کا پتہ تبدیل ہو گیا ہے اور آپ نے ابھی تک اطلاع نہیں کی تو درخواست ہے کہ فوری طور پر شعبہ ہذا کو اپنے نئے پتہ کی اطلاع دیں اور خط وکتابت کرتے وقت وقف نو کا حوالہ نمبر ضرور درج کیا کریں۔ شعبہ وقف نو کا پتہ مندرجہ ذیل ہے:

Waqf-e-Nou Department (Central)
16 Gressen Hall Road, LONDON
SW18 5QL U.K.

(15) وقف نو کی درخواستیں براہ راست شعبہ وقف نو مرکزیہ لندن کی فیکس پر بھی بھجوائی جا سکتی ہیں۔ دفتر کا فیکس نمبر درجِ ذیل ہے 44-208544-7643۔ اس کے علاوہ دفتر ھذا سے ٹیلیفون کے ذریعہ بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ دفتر کا ٹیلیفون 44-208544-7633 ہے اور دفتری اوقات لندن کے وقت کے مطابق صبح 10 بجے تا شام 7 بجے تک ہیں۔

اس کے علاوہ فوری رابطہ ای میل کے ذریعہ بھی ممکن ہے مگر صرف فوری کاموں کے لئے استعمال کیا جانا چاہئے نیز یہ بھی درخواست ہے کہ اس ای میل پر صرف وقفِ نو کے متعلقہ امور کے لئے رابطہ کیا جائے۔ آپ کی ای میل موصول ہونے کے بعد اسی وقت شعبہ وقفِ نو کی طرف سے رسیدگی کی اطلاع دی جاتی ہے کہ آپ کی ای میل موصول ہوگئی ہے نیز اس کے ساتھ دیگر ہدایات بھی درج ہوتی ہیں جنہیں پڑھ لینا چاہئے۔

شعبہ وقف نو مرکزیہ لندن کا ای میل ایڈریس مندرجہ ذیل ہے: waqfenoulondon@hotmail.co.uk.

بقیہ صفحہ 29

بقیہ صفحہ 29

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ تم پوری توجہ سے قرآن کریم کا علم حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہو تو یہ بھی تمہارا علم بڑھانے کے لئے ایک جہاد ہے۔ تو صرف تلوار چلانا جہاد نہیں ہے۔ اس کو مسلمانوں نے غلط لے لیا ہے۔ یا مسلمانوں کی طرف منسوب کر دیا گیا ہے۔ اور ویسے آجکل کے عمل تو مسلمانوں کے یہی ہیں۔ اس لئے میں نے اس پر کافی سارے لیکچر دئے ہوئے ہیں۔ تم ابھی اتنے بڑے ہوگئے ہو۔ سولہ سترہ سال کے ہو تو میرے لیکچر پڑھ لو تمہیں سمجھ آجائے گی۔

☆۔ایک واقف نو نے سوال کیا کہ ہم کو فیس بک (facebook) استعمال کرنے سے کیوں منع کر دیا گیا ہے؟

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: کوئی حرام نہیں قرار دیا گیا۔ بند اس لئے کیا ہے کہ اس میں بہت ساری برائیاں سامنے آجاتی ہیں۔ تم لوگ ابھی بچے ہو چھوٹے ہو تم لوگوں کو پتا ہی نہیں لگتا کہ دوسرے لوگ تمہیں آہستہ آہستہ trap کر لیتے ہیں۔ اب جب تک تمہارا علم پورا نہ ہو جب تک تمہاری سوچ mature نہ ہو اس وقت تک تم استعمال نہ کرو۔ جماعت احمدیہ کا جو alislam.org ہے۔ اس میں فیس بک بھی ہے۔ ہمارے پریس والوں نے ایک فیس بک بنائی ہوئی ہے۔ تم اس سے فائدہ اٹھاؤ۔ پرسنل فیس بک سے اس لئے منع کیا گیا ہے کہ تم لوگوں کو پورا علم نہیں ہے بعض دفعہ تم لوگ غلط ہاتھوں میں ٹریپ ہو جاتے ہو۔ اب دنیا میں بہت سارے فیس بک اکاؤنٹ ہیں۔ دنیا کو بھی realize ہو رہا ہے ان کو اب سمجھ آرہی ہے کہ فیس بک میں بعض دفعہ برائیاں زیادہ ہیں اس لئے امریکہ میں ہی گزشتہ دنوں میں قریباً کوئی چھ لاکھ اکاؤنٹس بند کر دیئے ہیں یہ کہہ کے کہ ہمیں فیس بک نے نقصان پہنچایا ہے۔ اگر ان لوگوں کو سمجھ آگئی ہے جو دنیا دار ہیں تو ہم دینداروں کو زیادہ جلدی سمجھ آنی چاہئے۔ ہاں اگر تمہیں تبلیغ کے لئے کرنا ہے تو alislam والی فیس بک استعمال کر لو۔

(ماخذ۔ الفضل انٹرنیشنل، 11 جولائی 2014ء)

حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دورۂ جرمنی 2014ء میں واقفین نو کے سوالات کے جوابات اور ان کے لئے اہم ھدایات

(مبشرہ مبارکہ حامد)

☆۔ایک واقفہ نے سوال کیا کہ **حضور پُرنور اپنی تقاریر خود لکھتے ہیں یا کسی سے لکھواتے ہیں؟**

اس کے جواب میں **حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:** میں اپنی تقاریر خود لکھتا ہوں تیار کرتا ہوں اور کسی دوسرے کو اس کا علم تک بھی نہیں ہوتا۔ میں تو آخری وقت میں مضمون لکھ کے لے جا رہا ہوتا ہوں۔ یا میں صرف نوٹس لے کے جاتا ہوں اور وہیں تقریر کے دوران ہی مضمون بنتا ہے۔ اور میرے نوٹس میرے علاوہ کوئی پڑھ بھی نہیں سکتا۔ کوئی دوسرا تو تقریر لکھ کے مجھے دے ہی نہیں سکتا۔ سوائے اس کے کہ میں جو بعض کتابوں کے حوالے ہوتے ہیں وہ میں نکال کے دیتا ہوں پرائیویٹ سیکرٹری صاحب کو کہ یہ حوالے کتاب میں سے پرنٹ کر کے مجھے دے دو۔ بلکہ بعض دفعہ میں پرنٹ بھی نہیں کرواتا وہ کتابوں کے حوالے بھی اپنے ہاتھ سے خود ہی لکھ لیتا ہوں۔

☆۔ایک واقف نے سوال کیا کہ **جو لوگ رمضان میں اعتکاف بیٹھتے ہیں، وہ کیوں بیٹھتے ہیں،** ویسے تو دوسرے لوگ بھی قرآن پڑھتے ہیں اور مکمل کرتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ اعتکاف بیٹھنا ضروری تو نہیں ہوتا۔ تمہاری مرضی ہے بیٹھو نہ بیٹھو۔ اس لئے کہ آنحضرت ﷺ کی یہ سنت تھی۔ آپ ﷺ رمضان کے آخری دس دنوں میں مسجد نبوی میں اعتکاف بیٹھا کرتے تھے اور اعتکاف بیٹھنے والا پھر دس دن کے لئے دنیا سے اس لحاظ سے علیحدہ ہو جاتا ہے کہ گھر کاروبار کی کوئی فکر نہیں رہتی، اعتکاف اس لئے بیٹھتے ہیں تاکہ ان ایام میں صبح سے لے کر شام تک اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں۔ دوسرے لوگ جو روزے رکھتے ہیں تو وہ ساتھ ساتھ اپنے کام بھی کرتے ہیں۔ روزہ رکھ کے دفتر بھی چلے جاتے ہیں۔ شام تک چار بجے تک دفتر رہتے ہیں، وقت ملے تو شام کو آکے آدھا رکوع ایک رکوع یا ایک سپارہ یا آدھا سپارہ تھوڑا سا قرآن شریف پڑھ لیتے ہیں، نمازیں کام کی وجہ سے مختصر کر کے پڑھتے ہیں۔ اعتکاف میں بیٹھنے والا جو نوافل کے وقت ہیں ان میں نفل بھی پڑھ سکتا ہے۔ ظہر سے پہلے تک۔ اور ظہر کے بعد، پھر مغرب کے بعد، عشاء کے بعد نوافل پڑھ سکتے ہیں۔ پھر قرآن کریم پڑھ سکتا ہے۔ حدیث پڑھ سکتا ہے۔ دین کا علم بڑھا سکتا ہے۔ دعائیں کر سکتا ہے۔ مکمل چوبیس گھنٹے اس کے پاس ہیں۔ اس کی توجہ ان دس دنوں میں روزے رکھنے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی عبادت پر رہتی ہے اور یہ ایک زائد کام ہے جو وہ کر رہا ہوتا ہے اور وہ جو لوگ afford کر سکتے ہیں وہ اعتکاف بیٹھ سکتے ہیں بشرطیکہ مسجد میں بیٹھنے کی گنجائش بھی ہو۔ پس یہ سنت ہے آنحضرت ﷺ کی اور اس سنت کی پیروی میں لوگ بیٹھتے ہیں۔

☆۔**ایک واقف نو نے سوال کیا کہ جہاد سے کیا مراد ہے؟** حضور انور کے دریافت فرمانے پر بچے نے بتایا کہ مجھے بس اتنا پتا ہے کہ غلط چیز ہے۔

اس پر **حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:** کہ پہلی بات یہ بتادوں کہ جہاد یا جنگ جب بھی مسلمانوں نے کی ہے تو مسلمانوں نے کبھی پہل نہیں کی۔ ہمیشہ ان پر حملہ ہوا یا ان کو تنگ کیا گیا تو مسلمانوں نے جواب دیا۔ ایک جہاد سے، جنگ سے واپس آرہے تھے تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ اب ہم چھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف آرہے ہیں۔ اور بڑا جہاد یہ ہے کہ اپنے نفس کے خلاف جہاد کرو۔ یعنی اپنے دل کی جو برائیاں ہیں ان کو دور کرو یہ بھی جہاد ہے۔ تبلیغ اسلام کرو یہ بھی جہاد ہے۔ قرآن کریم کے ذریعہ سے تبلیغ کرنا یہ بھی جہاد ہے۔ اللہ تعالیٰ بھی فرماتا ہے قرآن کریم کے ذریعہ سے پیغام پہنچانا یہ بھی جہاد ہے۔ جہاد کوشش کرنے کو کہتے ہیں۔ کوئی بھی کوشش کسی کام کے کرنے کے لئے جو تم کرتے ہو وہ جہاد ہے۔ اور اگر تم اپنے نیک کام کرنے کے لئے کوشش کرتے ہو تو تم جہاد کر رہے ہو۔ تمہارے اندر کوئی برائیاں ہیں تو ان کو دور کرنے کے لئے تم کوشش کرو تو یہ بھی تمہارا جہاد ہے۔ اگر تم تبلیغ کرتے ہو اور یہاں جرمنوں کو لٹریچر پمفلٹ تقسیم کرتے ہو تو یہ بھی جہاد ہے۔ ---------

بقیہ:___صفحہ 28 پر ----

پکوان:

گارلیک نان

اشیاء:

میدہ...آدھا کلو دہی...آدھا کپ انڈا...ایک عدد مکھن...50 گرام

تازہ خمیر ... 15 گرام لہسن ...کٹا ہوا نیم گرم پانی... ایک کپ

نمک ....ایک چائے کا چمچ یا حسبِ ذائقہ تِل، دہی اور سبز دھنیا...حسبِ ضرورت

ترکیب:

1. مکھن کو پگھلا کر ٹھنڈا ہونے دیں۔ایک باؤل میں ایک کپ نیم گرم پانی ڈال کر خمیر کو مکس کریں۔
2 . پگھلا ہوا مکھن، انڈا، نمک، دہی اور خمیر والے پانی کو مکس کریں اور میدہ ڈال کر آٹے کی طرح گوند لیں ۔
3 . ڈھک کر ایک سے ڈیڑھ گھنٹے بعد ایک بار پھر گوند کر پیڑے بنا لیں ۔دہی اور تل مکس کر لیں ۔
4 . الیکٹرک تندور ہو تو بہتر ہے ۔نان کو تھوڑا سا بیلنے کے بعد دھنیا اور لہسن لگا کر بیلیں ۔
5 . تندور گرم ہونے کے بعد نان اُوپر کے حصے پر ڈال کر برش سے دہی اور تل لگائیں۔
6 . نان کا رنگ تبدیل ہو جائے یعنی ہلکا سا پک جائے تو اندر کے حصے میں رکھ کر تندور بند کر دیں ۔
7.مناسب وقت پکنے کے لیے دیں اور نکال کر پسند ہو تو مکھن لگائیں اور پیش کریں۔ (رعنا گل مجلس ہولملیا)

نان خطائی

اشیاء: میدہ:دو کپ بیسن: آدھا چائے کا چمچ سوجی: آدھا چائے کا چمچ

چینی: پونا کپ کوکنگ آئل: ایک کپ سبز الائچی: آٹھ سے دس عدد

بیکنگ پوڈر: دو چائے کے چمچ

ترکیب: چینی کو پیس لیں۔ایک بڑے پیالے میں تیل اور پسی ہوئی چینی کو مکیچر سے مکس کریں۔

اب اس میں میدہ، بیسن، سوجی، سبز الائچی پسی ہوئی اور اور بیکنگ پوڈر ڈال کر اچھی طرح ان سب چیزوں کو مکس کریں۔نان خطائی کا مکیچر تیار ہے۔اب اس کو چار سے پانچ گھنٹے تک ڈھانک کر رکھ دیں۔اس کے چھوٹے چھوٹے گول پیڑے بنا کر دونوں ہتھیلیوں سے ہلکا سا دبا کر تیل لگی اوون کی ٹرے میں رکھتی جائیں۔بہت ساری خطائیاں بن جائیں گی۔اب ان خطائیوں کو پندرہ سے بیس منٹ تک اسی طرح پڑا رہنے دیں۔اوون کو 200 درجے سینٹی گریڈ پر گرم کریں اور ٹرے کو اوون میں رکھ دیں اور اوون کو 180 درجے سینٹی گریڈ پر کر دیں اور دس منٹ تک پکائیں۔پھر ان خطائیوں کو پلٹ کر مزید پانچ منٹ پکائیں۔پندرہ منٹ میں نان خطائیاں تیار ہیں۔ٹرے کو اوون سے باہر نکال لیں اور ٹھنڈا ہونے دیں۔ٹھنڈا ہونے کے بعد خطائیوں کو ہوا بند برتن میں رکھ لیں۔

(نصرت بن عقیل مجلس تھوئین)

دُعائیہ اعلانات::

☆۔محترمہ امتہ الرؤوف مبارک اپنی پوتی مشعل طارق کی پیدائش پر اسکے صحت مند، نیک، خادم دین، ماں باپ اور خاندان کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک ہونے کی عاجزانہ دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ نازیہ بشارت اپنی مختلف عوارض میں کامل شفایابی، بچوں کی دینی و دنیوی کامیابیوں اوران کے نیک جیون ساتھی کے ملنے نیز اپنے وقف نو بیٹے عدیل احمد کے جامعہ میں داخلہ کے لئے درخواست دعا کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ امتہ الرؤوف اپنی بیٹی سیدہ سائرہ کی شادی پر اس کی دائمی خوشیوں، ہمیشہ خوش وآباد رہنے اور دونوں خاندانوں کے لئے خوشیوں کا باعث ہونے نیز اپنے بیٹے سید منصور شاہ جو آسٹریلیا سے بیچلر اعلیٰ نمبروں میں پاس کر کے آیا ہے۔اس کی یہ کامیابی جماعت کے لئے قابل فخر ہونے اوراس کے اپنے لئے مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ ہونے کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ فہمیدہ مسعود اپنے شوہر اور بچوں کی صحت وسلامتی اور خادم دین بننے کیلے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔اور نیز اپنے بیٹے ہادی کی صحت اور پڑھائی میں کامیابی کے لئے درخواست دعا کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ عصمت نصر اپنے بیٹوں کی صحت وسلامتی، خادم دین ہونے اوراپنے شوہر کی پڑھائی میں کامیابی نیز اپنے سسر کی صحت وسلامتی کے لیے درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ صائمہ بشارت اپنی اوراپنے خاوند کی صحت اور لمبی زندگی کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ ثمینہ ظہور اپنے شوہر اور بچوں کی صحت والی لمبی زندگی کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ مدیحہ محمود اپنے بیٹوں کی صحت وسلامتی، خادم دین ہونے کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ طیبہ رضوان اپنے شوہر اور بچوں کی صحت وسلامتی کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ شمائلہ ڈار اپنے شوہر اور بچوں کی صحت اور امتحانات میں کامیابی کے لیے نیز اپنے والدین کی صحت کیلے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ ماہ منیر اپنے فیملی کی صحت وسلامتی اوراپنے امتحانات میں کامیابی کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ ناصرہ فاتح اپنی فیملی کی صحت والی لمبی زندگی کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔اور خاص طور پر اپنے میاں کی صحت اور درازی عمر کے لئے درخواست دعا کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ شمسہ خالد اپنے شوہر اور بچوں کی صحت وسلامتی کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ نوشابہ چوہدری اپنی فیملی کی صحت اوراپنے بچوں کی امتحانات میں کامیابی کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ راحت عزیز اپنے شوہر اور بچوں کی صحت اور خادم دین ہونے اوراپنی والدہ کی صحت کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔محترمہ عابدہ محمود اپنی فیملی کی صحت وسلامتی اور بچوں کی امتحانات میں کامیابی کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔آنسہ حدیقہ مقدس اپنی پڑھائی اور صحت کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔آنسہ آمنہ محمود اپنے امتحانات میں کامیابی کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆۔آنسہ صوفیہ محمود اپنے امتحانات میں کامیابی اوراپنی صحت کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ ۔محترمہ امتہ القیوم اپنے بیٹے نبیل کے قرآنِ پاک کا دور ختم کرنے اور دس سال کے ہونے پر اس کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں اللہ تعالیٰ اسے نیک اور خادمِ دین بنائے ۔آمین۔

☆ ۔محترمہ امتہ الطیف انور صاحبہ اپنی تمام بہنوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہیں جنھوں نے ان کی والدہ کی بیماری میں ان کو دعاؤں میں یاد رکھا اللہ تعالیٰ ان کو بہتر اجر دے ۔آمین ان کی طبیعت پہلے سے بہتر ہے مزید دعاؤں کی درخواست ہے نیز وہ اپنے بچوں کے لیے بھی دعا کی درخواست کرتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ انھیں پریشانیوں اور آزمائشوں سے بچائے اور خدمتِ دین کی توفیق عطا کرے (آمین ثم آمین)

☆ ۔محترمہ قیصرہ خواجہ اپنی بیٹی امتہ السلام کی شادی کے بابرکت ہونے کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہیں نیز باقی بچوں کے نیک اور خادم دین ہونے کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔عزیزہ امتہ السلام کا نکاح مکرم عطاء المجیب راشد صاحب نے پڑھایا۔اور حضور انور نے از رہِ شفقت دعا فرمائی۔

☆ ۔محترمہ ڈاکٹر ہالہ اپنی فیملی کی صحت اور دین و دنیا میں کامیابی کے لئے درخواست دعا کرتی ہیں۔

☆ ۔محترمہ لبنٰی اُفتاب اپنی فیملی کی صحت اور درازی عمر کے لئے درخواست دعا کرتی ہیں۔

☆ ۔آنسہ عیشاء ڈار اپنی صحت کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ ۔آنسہ ہانیہ مقدس اپنی صحت اور پڑھائی کے لیے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ ۔محترمہ منصورہ نصیر اپنے خاوند کی صحت و سلامتی والی فعال لمبی زندگی کے لئے درخواست دعا کرتی ہیں۔

☆ ۔محترمہ سعیدہ نعیم صاحبہ اپنے بچوں کی امتحان میں اعلیٰ نمبروں میں کامیابی کے لئے دُعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ ۔محترمہ فریدہ قدیر علاج کے بعد کی پیچیدگیوں سے محفوظ رہنے اور کامل شفایابی کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ ۔محترمہ بلقیس اختر اپنے شوہر کی صحت وسلامتی والی زندگی اور بچوں کے امتحانات میں کامیابی کے لئے درخواستِ دعا کرتی ہیں۔

☆ ۔محترمہ شمع راحیلہ اپنے شوہر کی صحت وسلامتی والی زندگی، اپنی صحت اور بچوں کی دینی و دنیوی کامیابی کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہیں۔

☆ ۔محترمہ لبنٰی کریم اپنی پیاری بیٹی مدیحہ کی شادی پر دلی خوشی اور مسرت کا اظہار کرتے ہوئے انکے اچھے نصیب اور بابرکت ہونے کے لئے درخواست دعا کرتی ہیں۔

دعائے من

خدائے منؑ خدائے منؑ دوائے منؑ شفائے من — قبائے منؑ رِدائے منؑ رجائے منؑ ضیائے من
قبول کُن دعائے منؑ دعائے منؑ ندائے من — نِدائے منؑ نوائے من ؑنوائے منؑ صدائے من

مَیں بندہ ہوں ترا غریب۔تُو ہے مرا خدا عجیب — میں دُور ہوں تو ہے قریب۔میں مانگتا ہوں اے مجیب
تُو ہی دوا، تُو ہی طبیب، تُو ہی محبّ، تُو ہی حبیب — خدائے منؑ خدائے منؑ قبول کن دُعائے من

(از بخارِ دل صفحہ 77)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم   نَحۡمَدُہٗ وَ نُصَلِّی عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡم   وَ عَلٰی عَبۡدِہِ الۡمَسِیۡحِ الۡمَوۡعُوۡد

نصاب اجتماع لجنہ اماء اللہ ناروے 2015ء

لجنہ معیار اوّل

(پاکستان سے آنے والی اور یورپ میں پلنے والی 25 سال سے بڑی لجنہ)

مقابلہ حسن قرأت سورۃ التوبہ آیات 2,3,4

مقابلہ تقریر (وقت 4 منٹ)

☆ درود شریف کی اہمیت و برکات

☆ حضرت اُمّ طاہر

☆ عفت جو شرط دیں ہے تقویٰ میں ساری ہے

☆ شریک حیات کا انتخاب اسلامی تعلیم کی روشنی میں

☆ عملی اصلاح کی راہ میں حائل اسباب اور ان کو دُور کرنا

مقابلہ نظم شعر دُہرانے کی اجازت ہے۔ وقت ڈھائی منٹ)

اگر دل میں تمھارے شرّ نہیں ہے۔ (از دُرِّثمین)

ہم نشین تجھ کو ہے اک پُر امن منزل کی تلاش (از کلام محمود)

دلِ شوریدہ کا خواب (از کلام طاہر)

فی امان اللہ (از دُرّ عدن)

لجنہ معیار دوئم

(یورپ میں پلنے والی 15 سے 25 سال کی ممبرات)

مقابلہ حسن قرأت سورۃ احزاب آیات 72,73,74

مقابلہ تقریر (وقت 4 منٹ)

☆ سورۃ فاتحہ کے فضائل

☆ نماز مومن کی رُوح اور جان

☆ انما الاعمال بالنیات

☆ قناعت ایک نہ ختم ہونے والا خزانہ

☆ حضرت محمد ﷺ کی عائلی زندگی

مقابلہ نظم شعر دُہرانے کی اجازت ہے۔ وقت ڈھائی منٹ)

بشیر احمد شریف احمد اور مبارکہ کہ آمین (از دُرِّثمین)

ایک دل شیشہ کی مانند ہوا کرتا ہے (از کلام محمود)

یہ دل نے کس کو یاد کیا (از کلام طاہر)

میدان حشر کے تصور میں (از دُرّ عدن)

نوٹ:۔

☆ مقابلہ حفظِ قُرآنی دُعائیں: لجنہ معیار دوئم (یورپ میں پلنے والی 15 سے 25 سال کی ممبرات) کے لئے کتاب میں دی گئی پہلی 25 دُعائیں اور لجنہ معیار اوّل (پاکستان سے آنے والی اور یورپ میں پلنے والی 25 سال سے بڑی لجنہ) کے لئے کتاب میں دی گئی 34 دُعائیں۔ ججز کوئی سی بھی دُعا سن سکتے ہیں۔

☆ مقابلہ حفظ چہل احادیث: اس کا مقابلہ اوپن ہے۔ ججز کوئی سی بھی حدیث سن سکتے ہیں۔

☆ اجتماع کے سب مقابلہ جات میں عاملہ اور صدران بھی حصہ لے سکتی ہیں۔

☆ مقابلہ نظم میں منتخب اشعار میں سے 3 اشعار ہی پڑھ سکتے ہیں۔

☆ مقابلہ حسنِ قرأت، تقریر اَور نظم میں اوّل اور دوئم آنے والی ممبرات نیشنل اجتماع کے مقابلہ جات میں حصہ لے سکیں گی۔

☆ اُردو اور نارویجن کی تقاریر کے موضوعات یہی ہیں تقریر اُردو میں کریں یا نارویجن میں لیکن ایک ممبر ایک ہی تقریر کر سکتی ہے۔

☆ مقابلہ فی البدیہ تقریر اردو لجنہ معیار اوّل (پاکستان سے آنے والی اور یورپ میں پلنے والی 25 سال سے بڑی لجنہ) کا وقت 1 منٹ سوچنے کے لیے اور 2 منٹ تقریر کے لیے ہوں گے۔

☆ مقابلہ فی البدیہ تقریر نارویجین لجنہ معیار دوئم (یورپ میں پلنے والی 15 سے 25 سال کی ممبرات) کا وقت 1 منٹ سوچنے کے لیے اور 2 منٹ تقریر کے لیے ہوں گے۔

☆ مقابلہ بیت بازی لجنہ معیار اوّل (پاکستان سے آنے والی اور یورپ میں پلنے والی 25 سال سے بڑی لجنہ) کے درمیان ہوگا۔

☆ مقابلہ بیت بازی لجنہ معیار دوئم (یورپ میں پلنے والی 15 سے 25 سال کی ممبرات) کے لئے ہوگا۔

شعبہ تعلیم لجنہ اماء اللہ ناروے

بچوں کی دنیا

پیاری ناصرات!!

جیسا کہ آپ جانتی ہیں 27 مئی 1908 کو اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ کو خلافت جیسی عظیم الشان نعمت سے نوازا۔ ہمیں اس نعمت کے حصول پر اللہ تعالیٰ کا بے حد شکر ادا کرنا چاہیے۔ اسی طرح خلافت سے محبت کا خیال ہمیشہ ہمارے دلوں میں رہنا چاہیے۔

حضرت مصلح موعودؓ نے 21 اکتوبر 1956 کو جماعت احمدیہ کو نظام خلافت کی اہمیت اور برکات تازہ رکھنے کیلئے ہر سال ''یومِ خلافت'' منانے کی تحریک فرمائی۔ حضور کے اس ارشاد پر یہ اعلان کیا گیا کہ 27 مئی کو ''یومِ خلافت'' مقرر کیا جاتا ہے۔

چنانچہ 1957 سے دنیا بھر کی احمدی جماعتوں میں اس تاریخ کو نہایت جوش وخروش اور باقاعدگی سے یومِ خلافت منایا جاتا ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ بچو! رمضان کا بابرکت مہینہ بھی آنے والا ہے۔ ان بابرکت ایام میں ہمیں چاہیے کہ اپنے رب کی جتنی عبادت کر سکتے ہیں کریں جب تک گرمیوں کی چھٹیاں بھی ہو چکی ہونگی تو خاص طور پر اپنی نمازوں کو وقت پر اور باجماعت ادا کرنے کی کوشش کریں۔ قرآن کریم کی تلاوت زیادہ سے زیادہ کریں۔ آپ میں سے اکثر پر ابھی رمضان کے روزے فرض تو نہیں ہونگے لیکن آپ بھی امی ابو کے ساتھ سحری اور افطاری میں شامل ہو کر برکت حاصل کر سکتے ہیں۔

رمضان میں خاص طور پر پیارے حضور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس، پیاری جماعت، اپنے اور اپنے والدین کے لئے دعائیں کریں۔

اس ماہ کا پیغام

انسان کی پہچان اچھا لباس نہیں

بلکہ اچھا اخلاق ھے اور اس کا ایمان ھے

ایک مثال، ایک سبق

ایک بزرگ نے ایک دیوار پر بڑا سا سفید پیپر لگایا اور مار کر سے اس پر ایک نقطہ ڈالا، پھر لوگوں کی طرف دیکھ کر پوچھا۔۔

تمھیں کیا نظر آ رہا ہے؟ لوگ بولے۔۔۔ کالا نقطہ۔۔۔

بزرگ بولے کمال ہے!

اتنا بڑا سفید پیپر نظر نہیں آ رہا اور ایک چھوٹا سا نقطہ نظر آ رہا ہے۔۔

یہی حال لوگوں کا ہے انہیں کسی شخص کی ساری زندگی کی اچھائیاں نظر نہیں آتی اور کی ہوئی برائی نظر آ جاتی ہے۔

ترقی کا راز

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرالعزیز فرماتے ہیں:

''پس اگر آپ نے ترقی کرنی ہے اور دنیا پر غالب آنا ہے تو میری آپ کو یہی نصیحت ہے اور میرا یہی پیغام ہے کہ آپ خلافت سے وابستہ ہو جائیں اس حبل اللہ کو مضبوطی سے تھامے رکھیں۔ ہماری ساری ترقیات کا دارومدار خلافت سے وابستگی میں ہی پنہاں ہے'' الفضل انٹرنیشنل 23 مئی 2003

اچھی باتیں

☆ اے ایمان والو کھاؤ پیو اور پاکیزہ رہو۔ (قرآن کریم)

☆ نابینا سے بھی پردہ کرو اس لیے کہ تم بینا ہو۔ (حضرت محمد ﷺ)

☆ جو شخص اپنی زبان کو قابو میں نہیں رکھتا وہ پشیمان ہوتا ہے۔ (اما جعفر)

☆ پیٹ ایک ایسا برتن ہے جو کبھی نہیں بھرتا اور نہ کبھی ٹوٹتا ہے۔ (بقراط)

☆ جو زیادہ پیسہ والا ہے وہ زیادہ محتاج ہے۔ (شیخ سعدی)

ناصرات علمی ریلی رپورٹ

بعنوان ''بنیادی دینی تعلیم''

اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان کے ساتھ امسال ناصرات الاحمدیہ کی علمی ریلی منعقد کرنے کی توفیق ملی۔علمی ریلی کا عنوان ''**بنیادی دینی تعلیم**'' رکھا گیا۔

اس موضوع کی مناسبت سے نصاب پہلے بنا کر مجالس میں تقسیم کردیا گیا تھا۔نصاب میں قرآن مجید کے 82 سوالات ، چالیس احادیث میں سے 25 احادیث، پریزینٹیشن عنوان ''ارکانِ اسلام'' اُردو کا پرچہ،اور فی البدیہہ تقاریر عنوان ''ایمانِ اسلام'' پر مبنی تھا تینوں معیاروں کے مطابق نصاب بنا کر مجالس میں بھیجا گیا۔

علمی ریلی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے کیا گیا جس کا اُردو اور نارویجن ترجمہ پیش کیا گیا۔اس کے بعد نظم اور عہد نامہ دہرایا گیا۔

نیشنل صدر صاحبہ نے دعا کروائی اور مقابلہ جات کا باقاعدہ آغاز کیا گیا۔

پہلا مقابلہ قرآن کریم کے سوالات کا ہوا جس میں تینوں معیاروں کی ناصرات نے بھرپور تیاری کے ساتھ حصہ لیا۔

یہ مقابلہ گروپس میں ہوا۔ناصرات معیار سوئم سے 40 سوالات جبکہ ناصرات معیار اول اور دوئم سے 82 سوالات تین راونڈ میں کئے گئے

دوسرا مقابلہ حفظِ احادیث ہوا جس میں معیار اول کو 25 احادیث ،معیار دوئم کو 20 احادیث اُور معیار سوئم کو 15 احادیث حفظ کرنے کا ٹارگٹ دیا گیا تھا۔اس مقابلہ کی بھی ناصرات نے بہت اچھی تیاری کی تھی۔

تیسرا مقابلہ اُردو کا ہوا جو شوریٰ کی تجویز کے مطابق رکھا گیا جس کے پرچے معیار کے حساب سے ہر ماہ بھیجے جانے والے اُردو صفحات سے بنائے گئے۔ناصرات نے شوق سے پرچہ حل کرنے میں حصہ لیا۔ماشااللہ اُردو کے معیار میں بہتری نظر آئی۔

نماز اور کھانے کے وقفے کے بعد چوتھا مقابلہ پریزینٹیشن کا شروع ہوا۔اس مقابلہ میں بھی شوریٰ کی تجویز کو مدِنظر رکھتے ہوئے مجالس میں ارکانِ اسلام کے رکن کلمہ طیبہ،نماز،روزہ،زکوۃ،حج اور ایک اضافی عنوان جہاد تقسیم کیے گئے۔اس مقابلہ میں معیار اول،دوئم کی ناصرات نے مل کر پانچ منٹ کی پریزینٹیشن پیش کرنی تھی جو ناصرات نے بڑی محنت اور شوق سے بنائیں۔

پانچواں مقابلہ معیارِ سوئم کا فی البدیہہ تقریر کا ہوا۔جو ارکانِ ایمان پر مشتمل عنوانات پر ڈیڑھ منٹ کی تقریر کرنا تھا۔اس مقابلہ میں ناصرات نے اچھی تیاری کے ساتھ حصہ لیا۔

علمی ریلی کا آخری مقابلہ بیت بازی ہوا جو صرف معیارِ سوئم کے لئے تھا۔اس مقابلہ میں درثمین،کلامِ محمود،کلام،طاہر اور دُرِعدن سے اشعار پڑھنے کی اجازت تھی اور یہ مقابلہ بہت دلچسپ رہا حاضرین بھی محظوظ ہوئے۔

آخر میں نیشنل صدر صاحبہ نے ناصرات کو پیارے حضور کے خطوط دیئے۔ناصرات کی خوشی کی انتہا نہ رہی جب انھیں اس بات کا علم ہوا کہ حضور پُرنور نے ازراہِ شفقت ناصرات کو اُن کے خط کے جواب انفرادی طور پر لکھے۔ناصرات نے خوشی خوشی خط وصول کئے۔

انعامات تقسیم کئے آخر میں نیشنل صدر صاحبہ کے خطاب اور دعا کے ساتھ پروگرام کا اختتام ہوا۔اللہ تعالیٰ تمام حصہ لینے والی ناصرات،والدات اور سیکرٹریان کو جزادے اور دین ودنیا کے علم میں ترقی دیتا چلا جائے۔

آمین ثم آمین

سیکرٹری تعلیم ناصرات:عفت وحید

ہنسئیے ہنسائیے

✵ ایک لڑکا سائیکل پر جارہا تھا کہ راستہ میں ندی میں گر گیا۔
ایک دوست قریب سے گزر رہا تھا۔وہ بولا ''بھائی ندی میں کیا کر رہے ہو؟''
لڑکے نے غصّہ سے جواب دیا! مچھلیوں کو سائیکل چلانا سیکھا رہا ہوں

✵ باپ: بچے سے بیٹا دل لگا کر سبق پڑھا کرو
بچہ: مگر آپ تو عینک لگا کر پڑھتے ہیں

✵ ایک بیوقوف دوسرے سے: اگر لائٹ نہ ہوتی تو تم ٹی وی کس طرح دیکھتے؟
دوسرا بیوقوف: موم بتی جلا کر

☆ شوریٰ کی تجاویز کے سلسلہ میں کیا آپ کے گھر میں اُردو زبان کے فروغ کے لئے کوشش ہورہی ہے؟

سیر Kristiansand

اللہ کے فضل سے امسال ناصرات الاحمدیہ ناروے کو kristiansand کی سیر کرنے کی توفیق ملی۔ 30 ناصرات، 10 لجنہ، ایک خدام اور انصار بھائی پر مشتمل یہ قافلہ 13 مئی کو مسجد بیت النصر سے شام تقریباً چھ بجے روانہ ہوا۔ روانگی سے پہلے مکرم ومحترم امیر صاحب ناروے اور محترمہ نیشنل صدر صاحبہ لجنہ اماءاللہ از راہ شفقت وہاں تشریف لائے اور ہمیں دعا کے ساتھ روانہ کیا۔

ہمارا سفر تقریباً 7 گھنٹے کا تھا، دوران سفر ظہر وعصر کی نمازیں باجماعت ادا کی گئیں، نان کباب اور گرما گرم پکوڑوں سے ناصرات کی ضیافت کی گئی۔ بچیوں نے نظمیں سنائیں، ایک دوسرے سے پہلیاں پوچھیں اور لطائف سنا کر محظوظ ہوئیں۔

رات کے تقریباً 1.00 بجے ہم kristiansand مشن ہاؤس پہنچے۔ وہاں کے صدر جماعت اور صدر صاحبہ لجنہ نے ہمارا گرم جوشی سے استقبال کیا۔ مشن ہاؤس کو دیکھ کر سب نے خدا کا شکر ادا کیا کہ خدا نے محض اپنے فضل سے جماعت کو اس نعمت سے نوازا۔ الحمدللہ

اگلے روز صبح فجر کی نماز اور تلاوت کی ادائیگی کے بعد سب ناصرات کو سفر کو کامیاب بنانے کے لئے صدقہ دینے کی طرف توجہ دلائی۔ سب بچیوں اور ممبرات نے مشن ہاؤس میں موجود غلہ میں اپنی اپنی توفیق کے مطابق صدقہ ڈالا، اور خوشی خوشی ناصرات نے dyrepark جانے کی تیاری کی۔

پارک میں بچیوں کو گروپس میں تقسیم کیا گیا اور پھر سارا دن ناصرات مختلف activities میں مصروف رہیں، نیز ایک مرتبہ تمام گروپس پہلے سے منتخب شدہ جگہ پر ضیافت کے لئے اکٹھے ہوئے، اور سب

